# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز چارشنبہ مورخہ 24 اکتوبر 2018ء بمطابق 14 صفر المظفر 1440 ہجری صبح دس بجکر چالیس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، مشتاق احمد غنی مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔

أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنَاكُمْ عَبَثًا وَأَنَّكُمْ إِلَيْنَا لَا تُرْجَعُونَ فَتَعَالَى اللَّهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۖ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيمِ وَمَن يَدْعُ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهُ بِهِ فَإِنَّمَا حِسَابُهُ عِندَ رَبِّهِ ۚ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْكَافِرُونَ وَقُل رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنتَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ۔

(ترجمہ): کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ ہم نے تم کو بے فائدہ پیدا کیا ہے اور یہ تم ہماری طرف لوٹ کر نہیں آؤ گے؟ تو خدا جو سچا بادشاہ ہے (اس کی شان) اس سے اونچی ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی عرش بزرگ کا مالک ہے، اور جو شخص خدا کے ساتھ اور معبود کو پکارتا ہے جس کی اس کے پاس کچھ بھی سند نہیں تو اس کا حساب خدا ہی کے ہاں ہو گا۔ کچھ شک نہیں کہ کافر رستگاری نہیں پائیں گے، اور خدا سے دعا کرو کہ میرے پروردگار مجھے بخش دے اور (مجھ پر) رحم کر اور تو سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے ۔
و آخِرُ الدَّعْوَانا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ۔

## حلف وفاداری/رکنیت

Mr. Speaker: Oath of the Members, Mr. Waqar Khan, Member elect, Mr. Sardar Khan, Member elect, to stand infront of there seats to take oath.

(Applause)

(اس مرحلہ پر نومنتخب اراکین نے حلف اٹھایا)

(حلف نامہ ضمیمہ پر ملاحظہ ہو)

Mr. Speaker: Congratulation, (Applause) Now, I call upon the Members elect, to sign in the roll of Members, placed on the table of the Secretary Provincial Assembly. Mr. Waqar Ahmad Khan Sahib, honorable MPA Mr. Sardar Khan Sahib.

(اس مرحلہ پر نومنتخب اراکین نے حاضری رجسٹر پر اپنے دستخط ثبت کئے)

جناب سپیکر: قلندر خان لودھی صاحب کا مائیک آن کر دیں۔

حاجی قلندر خان لودھی (وزیر خوراک): شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! میں اس صوبے کے اور خصوصاً ہزارہ کے ایک بزرگ سیاستدان، شخصیت، باباحیدر زمان آج فوت ہو چکے ہیں جو کہ تحریک صوبہ ہزارہ کے بانی بھی رہے ہیں اور اس اسمبلی کے کئی دفعہ وہ ایم پی اے بھی رہے ہیں اور وزیر بھی رہے ہیں، ان کیلئے دعائے مغفرت کی درخواست کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: آپ ہی دعائے مغفرت کریں۔

(اس مرحلہ پر دعائے مغفرت پڑھی گئی)

جناب سپیکر: یہ بڑی افسوسناک خبر ہے، باباحیدر زمان صاحب جو کہ اس ایوان کے بھی ممبر رہے ہیں، منسٹر بھی رہے ہیں اور تحریک صوبہ ہزارہ کے بھی قائد تھے، آج صبح ان کی رحلت ہو گئی ہے، اللہ تعالیٰ ان کی آخرت کی منزلیں آسان کرے۔ مسٹر وقار احمد خان صاحب، اگر آپ کوئی بات کرنا چاہتے ہیں، دو تین منٹ کیلئے۔

## سپاس تشکر

جناب وقار احمد خان: شکریہ، جناب سپیکر صاحب! زما د پارہ دا ډیر قدر دے، زہ د اللّٰہ تعالیٰ ډیر شکر گزار یم او بیا د خپل حلقې، د متحدہ اپوزیشن د ورکرانو، د خپل مرکزی مشرانو، د متحدہ اپوزیشن د مشرانو چې هغوی پہ ما باندې اعتماد

اوکړو او زه نن د اسمبلئ یو غړے جوړ شوم او دلته کښې راغلم نو دا زما د پاره ډیره د ' آنر' خبره ده، زه ستاسو په توسط د خپلې حلقې عوامو ته دا باور ورکوم چې ان شاءالله دوئ چې په ما باندې کوم اعتماد کړے دے، زه الله ته دعاګو یم چې په هغې باندې پورا پورا اوخیژم، د هغوی په توقعاتو باندې۔ جناب سپیکر صاحب، دا وخت خو نه د تلخیانو دے او نه څه د ډیمانډز دے خو صرف یو دوه درې خبرې ستاسو په نوټس کښې راولم، د حکومتی اهلکارو په نوټس کښې چې کله جنرل الیکشن اوشو نو په هغه وخت کښې ډیرې آتشبازیانې شوې وې، ډیرې ډزې غومبکې شوې وې خو نه پکښې ایف آئی آر شوے وو او نه پکښې څوک تهانړو ته بوتللے شوے وو خو د بده مرغه چې کله زمونږه نمبر راغلو، مونږه اوګټله، صرف آتشبازی اوشوه، زمونږ په ورکرانو باندې ایف آئی آر هم اوشو او تهانړو ته هم بوتلل شو، نو زه ستاسو په توسط حکمرانانو ته دا خواست کوم چې که د انصاف تله وی نو پکار ده چې یو شان ئے تلی نو دا دهرا معیار دې بیا نه وی چې د ځان د پاره یو شان وی او د بل اپوزیشن د پاره بل شان وی۔ د دې سره سره زه دا نه وایم، زه د الله شکر ګزار یم او بیا خاص کر د خپل ټولو مشرانو او د ورکرانو خو دا یوه خبره کوم چې د دې الیکشن په دوران کښې زما په حلقه کښې د دهاندلئ د پاره چې کوم اعلانات شوی دی او کوم پراجیکټونه اعلان شوی دی نو زه ستاسو په توسط هغه ادارو ته دا وایم چې مهربانی دې اوکړی او دغه دې بیا عملی کړے شی، هسې نه چې لکه هغه خبره، دهرنا خو مونږه د موجوده حکومت نه ایزده کړے ده چې بیا د هغه حلقې هغه خلق راځی او دلته کښې کم از کم هغه دهرنې ته خبره جوړه نه شی جی۔ زما به یو دا خواست وی او بل مو دا خواست دے ستاسو په توسط چې د جنرل الیکشن نه وروستو کوم ډیپارټمنټس کښې خصوصاً زما په حلقه کښې او بیا په سوات کښې چې کوم خلق په کوم ډیپارټمنټس کښې د سیاسی انتقام ښکار شوی دی او ضلع بدر کړی شوی دی او ځائې په ځائې بدل کړی شوی دی نو هغه دې فوری طور واپس کړے شی، زما به خواست وی ستاسو په توسط جناب سپیکر صاحب! نور زه د دې آنریبل فورم د ټولو مشرانو ستاسو په توسط شکریه ادا کوم، دا کوم عزت چې دوئ راکړو نورې خبرې چې دی، هغه به که خیر وی ان شاءالله دا سیشن به روان

وی او په هغې کښې به هغه خبره وایو که خیر وی خو زه یو ځل بیا د خپلو مشرانو د پارټۍ چې هغوی اعتماد اوکړه او د متحده اپوزیشن د مشرانو او د ورکرانو د زړه د تل نه شکریه ادا کوم او ستاسو په توسط ورله دا یقین دهانی ورکوم چې ان شاءالله تاسو کوم اعتماد کړے دے ، په هغې باندې به زه پورا پورا کوشش کوم، ستاسو ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: جناب سردار خان صاحب۔

جناب سردار خان: جناب سپیکر صاحب! تاسو مونږ ته ټائم راکړو، زه ډیر زیات مشکور یم، د سوات د پی کے۔3 حلقې او د تمام اتحادی جماعتونو زمونږ سره سپورټ کړے دے ، د هغوی د نمائندګۍ د هغه آواز د پاره الحمد لله نن مونږه دلته حلف واخستو او تمام معزز ایوان ، حکومتی او اپوزیشن هغوی ته سلام پیش کوم او مبارکباد ورکوم چې ان شاءالله 2018ء دا کوم الیکشن چې دے ، دا د دې صوبې د پاره او د دې عوام د پاره دا د یو ترقۍ جوګه شی چې بار بار الیکشنې کیږی، جمهوریت به راځی او عوام به خوشحالۍ طرف ته ځی، الله دې اوکړی چې دا Tenure په هغوی خوشحالۍ راشی او ان شاءالله زه به بهر پور د اپوزیشن ان شاءالله په دې ایوان کښې د هغې آواز اوچتوم او د اپوزیشن د قیادت په شا به ان شاءالله مونږه ولاړ یو او د حکومت نه د موجوده وزیراعلیٰ نه او سپیکر صاحب! ستاسو په واسطه دا یو عرض کوم چې د سابقه حکومت On going سکیمونه روان دی، هغه که پی کے۔3 حلقه کښې دی نو هغه داسې Damaged پراته دی، د روډونو په شکل کښې تګ راتګ مشکل دے ، ایوان ته ستاسو په ذریعه باندې دا پیغام مخکښې رسوم چې د هغې د پاره کم از کم نوټس واخلئ او هغې له توجه ورکړئ۔ والسلام۔

جناب سپیکر: بہت شکریہ سردار خان صاحب۔

## اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: Leave application: جناب ظاہر شاہ طورو صاحب، ایم پی اے آج کیلئے، سید اشتیاق ارمڑ صاحب، منسٹر فارسٹ آج کیلئے، جناب عبدالکریم خان، مشیر برائے صنعت آج کیلئے، جناب لیاقت

خان، ایم پی اے آج کیلئے، جناب جمشید خان مہمند، ایم پی اے آج کیلئے، نوابزادہ فرید صلاح الدین آج کیلئے، سردار اورنگزیب نلوٹھا آج کیلئے، رابعہ بصری آج کیلئے۔

Is it the desire of the House that leaves may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: Leaves are granted. Ji, Babak Sahib.

## رسمی کارروائی

جناب سردار حسین: شکریہ، سپیکر صاحب! زہ نو منتخب چې زمونږ کوم ممبران دی، وقار خان، سردار خان، هغوی له مبارکی ورکوم او سپیکر صاحب! دا ډیره زیاته د خوشحالئ خبره ده چې په دویمه مرحله کښې چې کوم انتخابات اوشول، حقیقت هم دا دے چې د ډیره حده پورې د الیکشن کمیشن مونږ دا وئیلې شو چې خپله ذمه واری هغوی پوره کړې ده او زما دا خیال دے چې د هغې ریزلټ مخامخ راروان دے۔ سپیکر صاحب! میں نے کل بھی یہاں پر ذکر کیا تھا کہ ہمارے صوبے میں، ہمارے صوبے میں دہشتگردی میں اس صوبے میں بہت سارے ایسے خاندان ہیں جنہوں نے بہت زیادہ قربانیاں دی ہیں اور میں نے کل دو خاندانوں کا ذکر کیا تھا اور آج تیسرے خاندان کا میں ذکر کر رہا ہوں، وقار خان کا تعلق جس خاندان سے ہے اور میرے خیال میں یہ قربانی تاریخ کا حصہ رہے گی، جناب سپیکر! آپ کے نوٹس میں اور سارے ہاؤس کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ دہشتگردی کے ان واقعات میں یہ ایک بہت بڑا واقعہ ہے۔ جناب سپیکر! ان کے گاؤں میں شاہ ڈھیری میں ان کے حجرے میں رات کو طالبان آئے بلکہ اجرتی قاتل آئے، میں ان کو طالبان نہیں کہوں گا اجرتی قاتل کہوں گا، اجرتی قاتل آئے، ان کے بھائی، ان کے دو بھتیجوں اور ان کے پانچ ملازمین کو باندھا، پھر وہ اجرتی قاتل ان کے بھائی سے پوچھ رہے تھے کہ بتاؤ کہ ان دو بیٹوں میں کونسا بیٹا آپ کو بہت پیارا ہے تاکہ پہلے اس کو قتل کر دیں، ان کے شہید بھائی نے ان اجرتی قاتلوں کو جواب دیا کہ مجھے قتل کر و اور میرے دو بیٹوں کو کچھ نہ کہو، جناب سپیکر! ان ظالموں نے اس موقع پر بشمول ان کے بھائی کے، بشمول وقار خان کے دو بھتیجوں کے، ان کے پانچ ملازمین جو آباؤاجداد کے زمانے سے چلے آرہے تھے، آٹھ لوگوں کو بیک وقت شہید کیا اور صرف یہ نہیں، یہ میرے سوات کے سارے بھائی بیٹھے ہیں، ان کا گھر اور ان کا حجرہ ایک تاریخی گھر اور تاریخی حجرہ تھا، گھر کو بھی جلایا، حجرے کو بھی جلایا۔ افسوس اس بات پہ آتا ہے کہ جس ریاست میں ہم رہ رہے ہیں، اس ریاست

نے آج تک نہ عوامی نیشنل پارٹی کی قربانیوں کو Recognize کیااور نہ ان جیسے ہزاروں پختون گھرانوں نے اس ریاست کیلئے جو قربانیاں دیں، ان کو بھی Recognize نہیں کیا، تو کم از کم فلور آف دی ہاؤس میں اس ریاست کا شہری ہونے کے ناطے، ایک پختون ہونے کے ناطے ان تمام خاندانوں کو بشمول وقار خان کے خاندان کو میں خراج عقیدت پیش کرتا ہوں اور ان شاء اللہ فلور آف دی ہاؤس یہ باور کراتا ہوں کہ اگر اس ریاست کی تاریخ کے اوراق میں اس طرح کے واقعات نہیں رہیں گے، میں یقین دلاتا ہوں کہ ان شاء اللہ قیامت تک ان جیسے خاندانوں کی قربانیوں کو ہم یاد کرتے رہیں گے ان شاء اللہ، جناب سپیکر! تھینک یو۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: Demands for Grant میں ایک ریکویسٹ کروں گا کہ ٹائم بہت کم ہے، پورا بجٹ آپ کا رہتا ہے۔ جی سردار یوسف صاحب۔

<u>سردار محمد یوسف زمان</u>: جناب سپیکر! ابھی ہم سب نے سردار حیدر زمان صاحب عرف بابا حیدر زمان مرحوم کے حوالے دعائے مغفرت بھی کی ہے اور میں اس ہاؤس میں دوبارہ ان کی تعزیت کیلئے کھڑا ہوا ہوں آپ کی اجازت سے، کیونکہ سردار حیدر زمان صاحب 1985 کی اسمبلی کے ممبر بھی رہے اور 1988 کی اسمبلی میں بھی وہ ممبر رہے، پرانے Politician تھے اور ایک Senior politician ہونے کے ناطے ان کی بہت ساری خدمات رہیں صوبہ خیبر پختونخوا کے حوالے سے بالعموم اور پھر ہزارہ کے حوالے سے بالخصوص ان کی بڑی خدمات ہیں، ان کو میں خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور جو زندگی ان کی تھی، انہوں نے بھرپور جدوجہد کے ساتھ گزاری، ہزارے کے عوام کیلئے آواز بھی اٹھائی، حقوق کیلئے آواز اٹھائی، صوبہ ہزارہ کیلئے تحریک بھی چلائی اور اس کے ساتھ ہی جہاں حق وانصاف کی بات آئی، انہوں نے بھرپور انداز میں اس کیلئے بھی آواز بلند کی، تو آج ایک جو دور تھا وہ ختم ہوا ہے، اس پر ہمیں بہت افسوس ہے، میں ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے، جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے اور میں یہ بھی گزارش کروں گا کہ یہ ہاؤس کی پرانی روایات بھی رہی ہیں کہ کسی بھی معزز ممبر کی اگر وفات ہو جائے، اس پر دعائے مغفرت تو کرتے ہیں لیکن کم از کم اس کے ساتھ ہی تھوڑا سا اس حوالے سے ہاؤس میں ممبران کو

اپنے خیالات کے اظہار کا موقع ملنا چاہیے تاکہ وہ ان کے تعزیتی جو الفاظ ہیں، اس حوالے سے خراج تحسین پیش کر سکیں۔ بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: اکبر ایوب صاحب۔

سردار محمد یوسف زمان: اور ایک بات، سر جی۔

جناب سپیکر: آپ بابا صاحب کے بارے میں کہنا چاہتے ہیں؟

سردار محمد یوسف زمان: یہ ابھی جو ضمنی ایلکشن میں دو ممبرز جو ہیں، ایک جناب سردار خان اور دوسرا جناب وقار خان جو منتخب ہوئے ہیں، ان کو میں بھی مبارک باد دیتا ہوں، جو ضمنی ایلکشن میں، جو ایک فیئر ایلکشن ہوا جس کے نتائج آپ کے سامنے ہیں الحمد للہ کہ ان علاقوں سے جو پہلے بھی وہ ایلکشن لڑے تھے لیکن وہاں سے اے این پی کو اور مسلم لیگ کو پہلے کامیابی نہیں ہوئی، ابھی مسلم لیگ (نون) کو بھی اور اے این پی کو کامیابی ہوئی ہے وہاں سوات سے، میں بھی اپنی پارٹی کی طرف سے، اپنی طرف سے ان کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔ اکبر ایوب صاحب۔

جناب اکبر ایوب خان (وزیر مواصلات و تعمیرات): جی شکریہ، جناب سپیکر! جناب قلندر لودھی صاحب نے اور سردار صاحب نے جس طرح بابا حیدر زمان صاحب کا، ان کی فوتگی کا ذکر کیا، ہزارہ کی ایک بہت ہی Prominent شخصیت تھے، ہمارے ڈسٹرکٹ کو نسل ایبٹ آباد کے چیئر مین بھی رہے، کئی دفعہ اس ہاؤس میں بھی انہوں نے اپنے حلقے کی نمائندگی کی لیکن خصوصی طور پہ جب صوبہ ہزارہ کی تحریک چلی، جس میں ہم سب نے حصہ لیا، اس میں اس کی جو سربراہی تھی وہ بابا حیدر زمان صاحب کو دی گئی اور انہوں نے بڑے اچھے طریقے سے اس تحریک کو چلایا اور اس تحریک میں شہادتیں بھی ہوئیں، اس کیلئے آج دن تک، ان شہیدوں کا جو دن ہوتا ہے جس دن وہ شہید ہوئے ہیں، ہر وقت ہزارہ میں ہر سال اس کے اوپر بھی پروگرامز ہوتے ہیں، ان کے بارے میں بھی آج تک جناب سپیکر! حیدزمان صاحب آخر تک اس چیز کی ڈیمانڈ کرتے رہے کہ اس کے اوپر آج تک جناب سپیکر! کوئی Proper inquiry نہیں ہو سکی، کسی کو اس کا ذمہ دار نہیں ٹھہرایا گیا۔ اس دن کی نسبت سے میں ہاؤس سے یہ بھی ڈیمانڈ کروں گا جناب سپیکر! خصوصی طور پر آپ سے بھی ڈیمانڈ کروں گا کیونکہ آپ بھی اس تحریک کا حصہ رہے اور ان تمام مسائل سے آپ کو آگاہی ہے، اس کے اوپر ہم چاہتے ہیں کہ ابھی کچھ نہ کچھ پیش رفت ہونی بہت ضروری ہے جناب

سپیکر! باباحیدرزمان صاحب کیلئے، ہم سب کو ان کی فوتگی پہ افسوس ہے، اللہ تعالیٰ ان کو مغفرت عطا فرمائے اور ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد ہم ہزارہ میں ان کی یاد میں ان شاء اللہ تعالیٰ ایک تعزیتی پروگرام بھی ہم مل جل کے، جتنے بھی اسمبلی کے ممبران ہیں، خصوصی طور پر ہم ہزارہ کے جو ممبران ہیں، بہت جلد ہم اس میں رکھیں گے اور تفصیل سے ان شاء اللہ اس میں ہم ان کو خراج تحسین پیش کرینگے۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔ جناب نذیر عباسی صاحب، مائیک کھولیں نذیر عباسی صاحب کا۔

جناب نذیر احمد عباسی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ ہزارہ ایک بہت بڑے سیاستدان سے آج محروم ہو گیا ہے، باباحیدرزمان ہزارہ کے سینیئر ترین پارلیمنٹرین تھے، انہوں نے ہمیشہ ہزارہ کے عوام کے حقوق کیلئے بڑی جدوجہد کی، ہم بھی اس کا حصہ رہے، اس جدوجہد کا میں سمجھتا ہوں کہ آج بالکل سردار یوسف صاحب نے اچھی تجویز دی ہے کہ وہ اس پارلیمنٹ کا حصہ بھی رہے اور وہ ہزارہ میں بھی ان کی گراں قدر خدمات ہیں تو ان کیلئے یقیناً ایوان میں کچھ دیر کیلئے ان کو خراج تحسین پیش کرنا چاہیے تھا، اس ناگہانی موت پہ ایک بڑا نقصان ہے ہزارہ کا، اللہ تعالیٰ ان کی اگلی منزلیں آسان کرے۔ بہت شکریہ، سپیکر صاحب۔

جناب عنایت اللہ: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی، عنایت اللہ خان صاحب۔

جناب عنایت اللہ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ ہزارہ کے ساتھیوں نے بات کی ہے، میں نے کہا کہ باقی صوبے سے بھی ہماری نمائندگی ہو، باباحیدرزمان صاحب ایک فعال شخصیت تھے، متحرک شخصیت تھے، سیماب صفت شخصیت تھے اور ہر وقت وہ تحریک کے موڈ میں ہوتے تھے اور اس قسم کے لوگ جو ہیں وہ بہت کم پیدا ہوتے ہیں۔ تو انہوں نے ہزارہ کیلئے آواز اٹھائی اور ہزارہ صوبے کیلئے آواز اٹھائی، آج وہ ہم میں نہیں ہیں، ہم سب ان کیلئے دعا بھی کرتے ہیں، تو میں سمجھتا ہوں کہ ہر ریجن کے اندر ایسے لوگ ہونے چاہئیں جو اس ریجن کی پسماندگی کو، اس کے مسائل کو قومی سطح پر اجاگر کریں اور اس کیلئے جدوجہد کریں، میرا خیال ہے ہم سب ان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور ان کی مغفرت کیلئے دعا بھی کرتے ہیں۔ تھینک یو۔

جناب سپیکر: لائق محمد خان صاحب۔

جناب لائق محمد خان: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، آج بڑا دکھ ہے کہ جناب سردار حیدرزمان بابا صاحب فوت ہو چکے ہیں، بابا صاحب ایک دیانتدار، مخلص، انتہائی جفاکش انسان تھے جنہوں نے اپنے

صوبے اور ہزارہ کیلئے مسلسل جدو جہد کی۔ اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ امین، ثم امین۔ شکریہ۔

## سالانہ مطالبات زر برائے مالی سال 19-2018 پر بحث اور رائے شماری

Mr. Speaker: Now, the honorable Minister for Communication and Works, to please move his Demand No.14.

جناب سلطان محمد خان (وزیر قانون): ڈیمانڈ نمبر 12 ہائیر ایجوکیشن کی۔

Mr. Speaker: Let the Minister come, پھر اس وقت لے لیں گے

جناب اکبر ایوب خان (وزیر مواصلات و تعمیرات): منسٹر تو ہیں نہیں ہائیر ایجوکیشن کے، There is no Minister. Sir, there is no Minister for Higher Education.

جناب سپیکر: بنگش صاحب کریں گے، کون کرے گا اس کو؟ بنگش صاحب تو بیٹھے ہوئے ہیں۔

وزیر مواصلات و تعمیرات: سلطان صاحب۔

جناب سلطان محمد خان (وزیر قانون): ضیاء اللہ صاحب کریں گے۔

جناب سپیکر: سو وہ پھر پہلے لے لیتے ہیں،

The honorable Adviser to Chief Minister for Elementary and Secondary Education, on behalf of honorable Chief Minister, to please move his Demand No.12.

جناب ضیاء اللہ خان (مشیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): شکریہ، جناب سپیکر! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 13 ارب 92 کروڑ، 47 لاکھ 64 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2019ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران اعلیٰ تعلیم دستاویزات اور کتب خانے کے سلسلے میں برداشت کرنا ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding Rs. 13 bilion 92 crore 47 lac 64 thousend only may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2019 in respect of Higher Education,

Cut motion on Demand No. 12: Ms. Rehana Ismail Sahiba, to please move her cut motion.

محترمہ ریحانہ اسماعیل: جی، ریحانہ اسماعیل نام ہے جی۔

جناب سپیکر: ریحانہ اسماعیل صاحبہ۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: جناب سپیکر، میں مبلغ تیس ہزار روپے کی کٹ موشن کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees thirty thousand only. Mr. Kushdil Khan Sahib, to please move.

مائیک کھولیں ان کا، مائیک کھولیں خوشدل خان صاحب کا، اب بولیں جی۔

Mr. Khushdil Khan Advocate: Sir, I move a motion to reduce the amount by rupees two thousand only.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees two thousand only, Ms. Sobia Shahid Sahiba, to please move.

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر صاحب، میں سو روپے کی کٹ موشن پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduce by rupees hundred only. Mr. Bahader Khan Sahib, to please move.

جناب بہادر خان: میں ایک لاکھ روپے کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one lac only. Sardar Hussain Babak Sahib, to please move his cut motion.

جناب سردار حسین: شکریہ سپیکر صاحب، میں بارہ سو روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں، تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees twelve hundred only. Shagufta Malik Sahiba, to please move her cut motion.

محترمہ شگفتہ ملک: جناب سپیکر، میں پندرہ ہزار روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees fifteen thousand only. Sardar Aurangzeb Nalotha Sahib, not present, lapsed. Mr. Faisal Zeb Khan, to please move his cut motion.

جناب فیصل زیب: جناب سپیکر، میں دو ہزار روپے کی کٹوتی کی موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees two thousand only. Mr. Munawar Khan Sahib, to please move his cut motion.

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سر، میں پانچ ہزار کی کٹوتی کی موشن موو کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five thousand only. Mr. Mehmood Ahmad Khan Sahib, to please move his cut motion.

جناب محمود احمد خان: تھینک یو جناب سپیکر، ایک لاکھ روپے کی کٹ موشن کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one lac only. Mr. Inayatullah Khan Sahib, to please move his cut motion.

جناب عنایت اللہ: میں دو ہزار روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees two thousand only. Mr. Akram Khan Durrani Sahib, to please move his cut motion.

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر صاحب، میں سو روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Mian Nisar Gul Sahib, to please move his cut motion.

میاں نثار گل: جناب سپیکر، میں پانچ سو روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five hundred only. Sardar Muhammad Yousaf Sahib, to please move his cut motion.

سردار محمد یوسف زمان: جناب سپیکر، میں بارہ سو روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees twelve hundred only. Mr. Sher Azam Khan to please move, Sher Azam.

سوری، یہ کل بھی مجھ سے یہ غلطی ہو گئی تھی، شیر اعظم نہیں ہیں، Laped، سردار محمد یوسف صاحب۔

سردار محمد یوسف زمان: تھینک یو، سپیکر۔ جناب سپیکر! ایجوکیشن جو کہ کسی بھی قوم کی ترقی کی ضمانت ہوتی ہے اور ہر حکومت کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ ایجوکیشن کو زیادہ عام بھی کیا جائے اور کوالٹی ایجوکیشن کی طرف خاص توجہ دی جائے لیکن اس حکومت نے ابھی جو گرانٹ ڈیمانڈ کی ہے، اس حوالے سے دیکھا جائے تو بہت سارے علاقوں کو محروم بھی کیا گیا ہے جس طرح کہ ۔۔۔۔۔

(اس مرحلہ پر جناب وزیر اعلیٰ ایوان میں تشریف لے آئے)

(تالیاں)

سردار محمد یوسف زمان: جناب سپیکر! بڑی خوشی کی بات ہے کہ بڑے موضوع پر ابھی جو ڈسکشن ہو رہی ہے، تو چیف منسٹر صاحب بھی تشریف لائے ہیں اور اسی طریقے سے چیف منسٹر صاحب موجود ہوں گے تو ہاؤس کی بھی حوصلہ افزائی ہو گی اور ان کی حکومت کی بھی پرفارمنس بہتر ہو گی۔ جناب سپیکر! چونکہ ایجوکیشن کے حوالے سے اس حکومت نے پچھلی بھی چونکہ پانچ سال پی ٹی آئی کی حکومت تھی، بڑا پراپیگنڈہ کیا جارہا تھا کہ بہت ساری جگہوں میں نئے ادارے بھی کھولے ہیں اور کوالٹی ایجوکیشن پر بڑا کام کیا ہے لیکن میں نے جو اپنے حلقے اور ہزارہ کے حوالے سے جو معلومات حاصل کی ہیں، اس حوالے سے میں یہ ضرور کہوں گا کہ ہائر ایجوکیشن کیلئے جہاں پوری تحصیل کی تحصیل ہی محروم ہے، کوئی وہاں انتظام نہیں، تو پھر کس طریقے سے ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے جو تعلیم کیلئے کام کیا ہے، ادارے بنائے ہیں، سب سے بڑی مثال تو میرے اپنے حلقے کی کہ 'بفہ تحصیل' میں کوئی ایک کالج بھی نہیں، کوئی گرلز کالج نہیں ہے، کوئی بوائز کالج نہیں ہے اور وہ تین لاکھ کی آبادی بفہ، شنکیاری، بٹل وہ ہائر ایجوکیشن سے محروم ہیں، نہ گرلز کالج ہے نہ بوائز کالج ہے اور اسی وجہ سے مانسہرہ میں جو ایک پوسٹ گریجویٹ کالج ہے یا دو ڈگری کالجز ہیں، بہت سارے جو طلباء ہیں ان کو داخلے نہیں ملتے اور وہ اس سے محروم رہتے ہیں، جس کی وجہ سے کئی دفعہ ہمیں یہ پریشانی ہے کہ مختلف کالجوں سے جب رابطے کرتے ہیں تو وہ سٹوڈنٹس جو اس سے محروم رہتے ہیں، اس وجہ سے میں تو یہ کہوں گا کہ جہاں پرائمری اور سیکنڈری ایجوکیشن کیلئے کام کیا جائے، وہیں ہائر ایجوکیشن کیلئے خاص طور پر زیادہ Provision رکھنی چاہیئے۔ اب اس وقت پورے صوبے کی صورتحال بھی آپ کے سامنے ہے لیکن ہر حلقے سے جو منتخب نمائندے ہیں، وہ اپنے خیالات کا بھی اظہار کریں گے، میں ہزارہ کی بات اس لئے کرتا ہوں کہ ہزارہ جو Affected area تھا زلزلہ سے، Earthquake affected area کے حوالے سے، آج تک وہاں پرائمری سکول یا ہائی سکول جو گرے ہوئے تھے، وہ بھی نہیں بن سکے۔ جو مانسہرہ میں تقریباً آٹھ سو دس سکول جو گرے تھے دو سو، پانچ سو سکول بنے دو سو چون سکول، تین سو سکول ابھی تک نہیں بنے، تیرہ سال گزر گئے ہیں اور یہ ذمہ داری ہے صوبائی حکومت کی، تو صوبائی حکومت وہ اپنی ذمہ داری پوری نہیں کر سکی۔ یہ مزید جو ڈیمانڈ کر رہے ہیں، جب کوئی ایک کالج بھی نہیں بنا، جہاں یونیورسٹی کو گرانٹ نہیں ملی، ہزارہ یونیورسٹی ہے، واحد یونیورسٹی ہے، ابھی تک اس صوبے کی طرف سے کوئی سپیشل گرانٹ اسے نہیں مل رہی حالانکہ صوبے کی دوسرے نمبر پر یونیورسٹی ہے، Strength کے لحاظ سے تقریباً تیرہ ہزار سٹوڈنٹس ہیں، تیرہ، چودہ ہزار سٹوڈنٹس ہیں، بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ خیبر پختونخوا

کی حکومت نے کبھی کوئی سپیشل گرانٹ نہیں دی، زلزلے کی وجہ سے جو وہاں بلڈنگز متاثر ہوئی تھیں، اس کیلئے کئی دفعہ ہم نے یہ ڈیمانڈ کی، اس وقت کے چیف منسٹر صاحب سے میں خود بھی ملا تھا لیکن اس کیلئے کوئی گرانٹ، کوئی فنڈ نہیں دیا گیا، بالآخر ہم نے مجبور ہو کر مرکزی حکومت سے وزیر اعظم سے خصوصی گرانٹ ہم نے لی اور وہ دس جو بلاک تھے وہ مکمل کرائے، تو آپ خود اندازہ لگائیں، یہ ناانصافی نہیں تو کیا ہے؟ حالانکہ یہ صوبہ سب کا ہے، ہزارہ بھی اس کا حصہ ہے۔

<u>Mr. Speaker</u>: Sardar Sahib! Conclude, please.

<u>سردار محمد یوسف زمان</u>: جناب سپیکر! آپ ذرا اجازت دیں، آپ کو بھی جوابدہ ہونا پڑے گا۔

<u>جناب سپیکر</u>: نہیں، کریں ضرور لیکن To the point جائیں تاکہ آگے بھی بہت سارا کام ہے آج۔

<u>سردار محمد یوسف زمان</u>: آپ ہزارہ سے تعلق رکھتے ہیں تو آپ کے سامنے بھی یہ اتنی بڑی جو ناانصافی ہے، یہ کیوں ہو رہی ہے؟ یہ دیکھنا چاہیے، اس کو Priority دینی چاہیے۔ جہاں جس علاقے میں لوگ متاثر ہوئے ہیں، ہزاروں جانیں جو ضائع ہوئیں اور وہاں تعلیمی لحاظ سے بھی بہت سارے سکول، بارہ سو سکول تو ایک ضلعے میں گرے تھے اور اسی طریقے سے وہاں پر چاہیے تو یہ تھا کہ زیادہ Priority کے طور پر ان کو۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: سردار صاحب، This is Higher Education، آپ جب سکولز کا آئے تو اس میں اس پہ بات کریں۔

<u>سردار محمد یوسف زمان</u>: نہیں نہیں، میں ہزارہ یونیورسٹی کی بات کرتا ہوں جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: اچھا اچھا۔

<u>سردار محمد یوسف زمان</u>: ہزارہ یونیورسٹی ہائر ایجوکیشن میں نہیں آتی جی، کیا کالجز ہائر ایجوکیشن میں نہیں آتے؟ تو میں نے جو آپ کو مثال دی ہے کہ وہاں پر پوری 'تحصیل بفہ' جس میں کوئی گرلز ہائی سکول نہیں، کوئی گرلز کالج نہیں ہے، کوئی بوائز کالج نہیں ہے، تو میں متعلقہ جو منسٹر صاحب ہیں، ان سے یہ امید کرتا ہوں کہ یہ ساری چیزیں نوٹ کریں اور جو نظر انداز علاقے ہیں، ان کو Priority دیں، ان میں یہ سہولتیں فراہم کریں۔ ایک بات اور جو کہ منسٹر صاحب نے ایجوکیشن کے حوالے سے کی تھی، میں اس کی بڑی تائید بھی کرتا ہوں کہ جس طریقے سے انہوں نے کوالٹی ایجوکیشن کیلئے یہ ایک تجویز دی کہ تمام سرکاری جو ٹیچرز ہیں سکولوں میں، وہ اپنے بچوں کو بھی ان سرکاری سکولوں میں پڑھائیں، میں ان کو مبارک باد بھی دیتا ہوں، مجھے امید ہے کہ اس پر وہ کام بھی کریں گے۔ بہر حال ہائر ایجوکیشن کیلئے جو نظر انداز علاقے ہیں،

ان کو ترجیح دینے کیلئے اگر کوئی ہاؤس میں ایشورنس دلا سکتے ہیں تو اس حوالے سے ہم امید رکھتے ہیں کہ بہتری لائی جا سکتی ہے۔

جناب سپیکر: تھینک یو، سردار صاحب۔ میاں نثار گل صاحب! شارٹ، شارٹ کریں تاکہ کام بڑھے، بہت زیادہ کام ہے اور آج کرنا ہے ورنہ مجھے پھر وہ Rule لگانا پڑ جائے گا 148، بہتر ہے کہ شارٹ بات کریں۔

میاں نثار گل: جناب سپیکر، جناب سپیکر! آپ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں اور شکر الحمد للہ آج۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شارٹ کریں تاکہ زیادہ لوگوں کو موقع مل جائے۔

میاں نثار گل: جلدی جلدی بولیں جی۔

Mr. Speaker: نہیں ،To the point.

میاں نثار گل: کچھ تو To the point بولیں گے جی، کوئی ایسا تو نہیں ہے۔

Mr. Speaker: ہاں ہاں ،To the point.

میاں نثار گل: جناب سپیکر، آج تو وزیر اعلیٰ صاحب بھی بیٹھے ہیں، ان کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں کہ وہ آج آئے اور ایجوکیشن پہ بات ہو رہی ہے۔ جناب سپیکر! صوبے پہ بات ہونی چاہیے، ضلعے پہ ہونی چاہیے لیکن میں ایسے ضلعے سے تعلق رکھتا ہوں جو شکر الحمد للہ پورے صوبے میں ایجوکیشن کے لحاظ سے سب سے زیادہ بچے پورے پاکستان میں پڑھتے ہیں۔ جناب سپیکر، اس دن میں نے اپنی بجٹ تقریر میں بھی کہا تھا، ہم لوگوں نے کافی جد و جہد کے بعد، شکر الحمد للہ ہمیں کرک میں خوشحال خان خٹک یونیورسٹی 2011ء میں منظور ہوئی تھی، میں اس وقت کی حکومت کا شکریہ ادا کرتا ہوں، جناب سپیکر! اس دن جب لیجسلیشن ہو رہی تھی تو ہری پور یونیورسٹی، صوابی یونیورسٹی، خوشحال خان خٹک یونیورسٹی کرک، ان تینوں کی ایک ہی دن میں قانون سازی ہوئی تھی، اس ایوان میں پیش ہوئی تھی لیکن میں جب موٹروے پر جاتا ہوں، صوابی یونیورسٹی سے گزروں تو خوش ہوتا ہوں کہ اللہ اس کو اور بھی ترقی دے، ہری پور یونیورسٹی دیکھتا ہوں تو پھر خوش ہوتا ہوں کہ اللہ اس کو بہت بڑی یونیورسٹی بنائے، دوسری بھی یونیورسٹیاں ہیں لیکن جب خوشحال خان یونیورسٹی کو دیکھتا ہوں تو میں اس ضلعے کا نمائندہ ہوں، بار بار یہ نہیں کہنا چاہیے کہ خوشحال خان یونیورسٹی الحمد للہ ہائر ایجوکیشن، صوبائی گورنمنٹ اور پانچ پرسنٹ رائیلٹی ہم ان کو دے رہے تھے لیکن جناب سپیکر! آج بھی اگر آپ دیکھ لیں، ان کو اپنی جگہ نہیں ملی، یہ تو اس وقت کی حکومت کا شکریہ کہ جو

ٹیکنیکل کالج تھا، اس جگہ میں وہ یونیورسٹی شروع ہوئی لیکن آج تک اس کو اپنی زمین نہیں ملی اور سٹارٹ نہیں ہو سکی، سنگ بنیاد نہیں رکھا جا سکا اور اب جو بجٹ میں میں دیکھ رہا ہوں اس کیلئے جناب، میں خوش ہوتا ہوں کہ پورے صوبے کی یونیورسٹیوں کیلئے تو پیسے ہیں لیکن خوشحال خان خٹک یونیورسٹی کیلئے کوئی گرانٹ بھی نہیں رکھی گئی ہے، تو جناب! ہم اس طرح کٹ موشن پہ بولتے رہیں گے، اس لئے کہ یہ ہماری مجبوریاں ہوتی ہیں سر۔ دوسری بات ہائر ایجوکیشن پہ میں کرنا چاہتا ہوں، میں نے پوائنٹ بھی اٹھایا تھا کہ دنیا گول ہے، بانڈہ داؤد شاہ گرلز ڈگری کالج 2011ء میں شروع ہوا تھا، 2018ء میں، وہ سٹارٹ نہ ہو سکا، سات سال ہو گئے، پانچ چھ یونین کونسل ہیں، تقریباً چالیس پچاس کلومیٹر تک ہماری بچیاں کوہاٹ یا لاچی میں جاتی ہیں، گمبٹ گرلز ڈگری کالج بھی اس کے ساتھ تھا، لاچی ڈگری کالج بھی اس کے ساتھ تھا اور بانڈہ داؤد شاہ ڈگری کالج بھی ایک ہی دن منظور ہوئے تھے لیکن اب میں ان Pages کو دیکھ رہا ہوں، اے ڈی پی میں اس کا نام بھی نہیں ملتا کہ آیا آئندہ سال کیلئے اس کیلئے پیسے ہوں گے بھی یا نہیں ہوں گے؟ اسی طرح میں تھوڑا جناب سپیکر! اکرم خان درانی صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں، کل ان کے حکومت کے ساتھ مذاکرات ہوئے تھے، 18th Amendment میں یہ لکھا ہوا ہے کہ جو پراونشل گورنمنٹ کا بزنس ہو، وہ پراونشل گورنمنٹ کے نمائندے، اگر وہ اپوزیشن میں بھی ہوں یا ٹریژری میں ہوں، اس کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔ ہمارے لئے سارے لوگ قابل احترام ہوتے ہیں، اگرچہ وہ کسی پارٹی سے بھی ہوں، اگر وہ ایم این ایز ہوں یا ایم پی ایز ہوں لیکن ایم این ایز کی اپنی حدود ہوتی ہیں، ایم پی ایز کی اپنی ہوتی ہیں، کبھی کبھی ہمارے ضلع میں یہ ہوتا ہے کہ ہمارے ایم این اے صاحب ہماری 18th amendment کی خلاف ورزی کر کے ہائر ایجوکیشن، توجہ، میرے خیال میں میں تو بول رہا ہوں، ریکارڈ ہو جائے تو۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: توجہ بھرپور ہے لیکن آج سی ایم صاحب بیٹھے ہوئے ہیں اور میں چاہتا ہوں کہ ایم پی ایز صاحبان، وہ خود بھی چاہتے ہیں کہ ان سے ملاقات کریں چیمبر میں، تو ہم ٹی بریک کا ٹائم طے کر رہے ہیں کیونکہ ان کی اور بھی میٹنگز ہیں، تو ہم چاہتے ہیں ہم وہی ڈسکس کر رہے ہیں، You, continue please

<u>میاں نثار گل</u>: ہم یہ ریکویسٹ کرنا چاہتے ہیں، ہم دوبارہ ریکویسٹ آپ کی چیئر کو کرنا چاہتے ہیں کہ ہمارے علاقے ضلع کرک پہ نظر کرم رکھی جائے اور ہمیں اتنا کچھ دیا جائے کہ ہم ادھر ڈسک بجا سکیں، اللہ آپ کو خوش رکھے کیونکہ آپ توجہ نہیں دے رہے لیکن شکر الحمد للہ۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ اپنی سیٹ پہ تشریف رکھیں، فخر جہاں صاحب! یہاں پہ نہیں چیمبر میں، ایسے ہاؤس ڈسٹرب ہوتا ہے سی ایم صاحب ملیں گے آپ کو لیکن چیمبر میں ملیں گے۔
میاں نثار گل: سر، اللہ آپ کو خوش رکھے، ہم تو کہتے تھے کہ وہ ہماری بات سن لیں گے لیکن بد قسمتی سے نہ سن سکے، بس میں نے بول دیا جی، آپ کی مہربانی جو آپ نے سن لیا، اگر کچھ ہو سکا تو، اگر ہو سکا تو ہم اپنے کچکول میں لے جائیں گے، اگر کچھ نہ ہو سکا تو ہم کیا کہہ سکتے ہیں؟
جناب سپیکر: آپ منسٹر صاحب کو اس کا جواب دینے دیں، اس کے بعد میں بھی اس میں Intervene کروں گا، آپ کی یونیورسٹی کے معاملے میں۔ جناب اکرم خان درانی صاحب۔
جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر صاحب! آپ کا شکریہ۔ جناب سپیکر صاحب، پوری دنیا میں، ہر ایک ملک میں تعلیم جو ہے وہ نمبر ون حیثیت پہ ہوتی ہے اور وہاں پر کوشش ہوتی ہے، اس میں ہمارا ملک بھی شامل ہے کہ ہم تعلیم کو اولیت دیں اور پڑھا لکھا پاکستان اور اس میں کوالٹی ایجوکیشن ہو، تو چونکہ یہاں پر ہائر ایجوکیشن پہ کٹ موشن ہے، 18th Amendment کے بعد زیادہ تر ابھی صوبے کے پاس ہے کہ وہ یونیورسٹیوں کو توجہ دے، اور ہائر ایجوکیشن کمیشن سے بھی اس کیلئے فنڈز آتے ہیں، اس کی بھی ذمہ داری بنتی ہے، ہمیں بھی چاہیے کہ ہم اس صوبے میں تعلیم کو اہمیت دیں، کوالٹی ایجوکیشن کو دیں اور اس پہ جتنے بھی اخراجات ہیں، وہ اخراجات نہیں ہوں گے بلکہ مستقبل میں ہمارا سرمایہ ہے۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ موجودہ وقت میں یونیورسٹی میں فیسوں میں اضافہ کیا گیا، ہاسٹلوں کی کمی ہے، وہاں پر جو سٹوڈنٹس رہ رہیں ہیں ان کی رہائش انتہائی ناگفتہ بہہ ہے اور جہاں پر رہائش کی سہولت نہ ہو تو پھر میرے وہ سٹوڈنٹس کس طرح آسانی کے ساتھ اپنی تعلیم مکمل کر سکیں گے؟ یہاں پر جب سٹوڈنٹس نکلیں اپنی آواز کیلئے تو میرے خیال میں ان کو بے جا تنگ کیا گیا اور وہاں ان پر لاٹھی چارج بھی ہوا، ایک تو یہاں پر میں اپنی گورنمنٹ کی مثال دے رہا ہوں، پہلی بار پاکستان میں ہم نے ان غریب لوگوں کے بچوں کو بھی تعلیم کی طرف راغب کیا، آپ اس کا حصہ تھے اور ہم نے پہلے میٹرک اور پھر ایف ایس سی، ایف اے تک تعلیم مفت کی، کتابیں مفت کی تھیں، فیس کا خاتمہ کیا اور اس سے صوبے میں بہت بڑا انرولمنٹ میں اضافہ ہوا اور وہ غریب بچے جو وہاں پر مستری کی دکان میں، یا مالدار لوگوں کے مویشیوں کو چراتے تھے وہ بھی سکول میں آ گئے، ابھی ہونا یہ چاہیے، چونکہ آج سی ایم صاحب بھی ہیں لیکن میں گزارش کروں گا، اگر ساتھ کے آدمی ان کو تھوڑا سا ایوان کیلئے چھوڑ دیں تو مہربانی ہو گی اور سی ایم صاحب پھر اپنے ساتھیوں کو ذرا اپنے چیمبر

میں یا اپنے دفتر میں بلائیں، چونکہ جب اپوزیشن لیڈر بات کرتا ہے تو میرے خیال میں اس کو تھوڑا سا غور سے سننا چاہیے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: محب اللہ صاحب، پلیز اپنی سیٹ پر تشریف لے جائیں، محب اللہ صاحب، آپ اپنی سیٹ پر تشریف لے جائیں۔

قائد حزب اختلاف: اور میں شکریہ ادا کرتا ہوں، کافی دنوں کے بعد سی ایم صاحب آئیں ہیں، مصروف تھے لیکن میرے خیال میں آج یہاں پر میں ان کو زیادہ مصروف دیکھ رہا ہوں، جو وہاں پر دفتر میں تھے تو سی ایم صاحب سے، چونکہ ایوان میں بیٹھے ہیں، میں یہی گزارش کروں گا کہ ایک میٹنگ بلائیں وائس چانسلر کی اور ہر ایک وائس چانسلر سے اس کی یونیورسٹی کے بارے میں پوچھیں، پہلے ہر ایک وی سی کی کارکردگی کی ذرا رپورٹ منگوالیں، اپنی سپیشل برانچ کے ذریعے، اپنے منتخب لوگوں کے ذریعے، خود اپنی طرف سے اور جہاں پر سی ایم صاحب کو تھوڑی بہت کمزوری نظر آئے، اس کیلئے اس کی نشاندہی کی جائے کہ آپ اپنے آپ کو اور ٹیچنگ سٹاف کو ٹھیک کرلو، باقی ان سے یہ بھی پوچھیں کہ آپ کے مسائل کیا ہیں؟ اور تقسیم کا جو فارمولا ہے، اس میں ہماری ابھی یونیورسٹیاں بہت زیادہ ہیں صوبے میں، تو وہ فارمولا بھی اس طرح رکھیں کہ کسی یونیورسٹی کو بھی احساس محرومی نہ ہو اور جہاں پر زیادہ کام کی ضرورت ہے، وہاں پر زیادہ کرلیں جہاں پر تھوڑی ہے لیکن فنڈ کی جو تقسیم ہے کالجز میں، یونیورسٹیوں میں، وہ منصفانہ ہو کہ کوئی بھی ایک پسماندہ علاقہ اس سے محروم نہ ہو اور ساتھ ہی چونکہ ہمیں بھی معلومات ہیں، یونیورسٹیوں میں تعداد روز بروز بڑھتی جاتی ہے اور وہاں پر پرانے ہاسٹل اور وہاں پر وہی بلاک ہیں تو میرے خیال میں اس صوبے کے وسائل کو زیادہ ہم تعلیم پہ خرچ کرلیں اور ساتھ ہی جو ہمارے بچے نکلے تھے، جنہوں نے فیسوں میں اضافے کی بات کی تھی، وہ اضافہ بھی واپس لے لیں بلکہ میں تو کہوں گا کہ فیسوں میں آپ کمی کریں، اضافہ تو میرے خیال میں تعجب کی بات ہے کہ ہم کیوں کریں؟ لیکن اس میں کمی کریں کہ اور بھی ایسے لوگ ہوں، افسوس کی بات ہے کہ پرسوں بھی اخبار میں ایک خبر تھی، میرے خیال میں مردان یونیورسٹی کا طالب علم تھا جس نے وسائل کے نہ ہوتے ہوئے خودکشی کی تھی، تو ایسے پھر ہمارے اور بچے بھی خودکشی پر مجبور ہوں گے، تو اس کا میرے خیال میں نوٹس لیا جائے اور اچھے جو ادارے ہیں ان میں فضل حق کالج ہے، یوپی ایس ہے، اے پی ایس ہے، سینٹ میری ہے، ایڈورڈ ہے، مفتی محمود کالج ہے، اکرم خان درانی کالج ہے، سی ایم صاحب ان سب کا ریزلٹ بھی منگوا لیں کیونکہ یہ وہ سکول ہیں جو اس صوبے کے جتنے بھی

سیکر ٹریزادھر بیٹھے ہیں، یہاں ہمارے پولیس ڈیپارٹمنٹ کے لوگ ہیں، یہ سارے انہی اداروں کی پیداوار ہیں اور یہ لوگ پھر ہمارا ملک چلاتے ہیں، ہمارا ایک ادارہ ایک محکمہ جو ہے، وہ پورا منسٹر کے ساتھ ساتھ، جو منصوبہ بندی ہے اور ڈیویلپمنٹ کا کام ہے وہ ہمارے سیکرٹری کا Role ہوتا ہے، تو اس میں بھی اس کو توجہ دیں اور خود ایک وزٹ بھی کریں کہ ان اچھے اداروں کی حوصلہ افزائی ہو اور میں نے تو فون پہ بھی سی ایم صاحب کو کوشش کی تھی لیکن میرے خیال میں وہ مصروف تھے، ہمارے اکرم خان درانی کالج میں ایک مسئلہ بنا تھا جو کہ انتہائی افسوس ناک ہے، ایک ایسا پرنسپل جس نے اس ادارے کو نام دیا، ادارے کو اس نہج پہ پہنچایا کہ آج ایک مثالی ادارہ ہے اور میں نے وہاں پر ہمارے ہائر ایجوکیشن کے منسٹر صاحب کو، بنگش صاحب کو بھی فون کیا کہ تھوڑا سا اس کو توجہ دیں اگر واقعی پرنسپل کی غلطی ہے تو اس کو کڑی سزا دیں اور اگر کچھ لوگوں کی شرارت ہے، پرنسپل کے خلاف ایک سازش ہے تو پھر آپ کسی ایک ایسی شخصیت کو جو کہ باہر کے اداروں میں رہا ہے اور پی ٹی آئی کی پچھلی گورنمنٹ نے اس کو اس ادارے میں لگایا تھا، تلاش کر کے ایک آدمی ان کو ملا، اب پہلا جو پرنسپل ہے اس کا بھی رزلٹ نکالیں اور اس کا بھی نکالیں اور آج اس کو بجائے انعام دینے کے وہ سسپنڈ ہے۔ پچھلے دنوں میں چیف جسٹس صاحب نے بھی ایکشن لیا تھا کہ پروفیسر اور وہاں پر لیکچرر کو ہتھکڑیوں میں پیش کیا گیا تھا تو انہوں نے کہا کہ توہین ہے، تو ان لوگوں کو ہم انعام دیں، وہ ہمارے مستقبل کے معمار پیدا کرتے ہیں تو میں سی ایم صاحب سے گزارش کروں گا کہ ایک دو دن میں اس مسئلے کو حل کریں کیونکہ ایک ادارہ ہے جو اس صوبے کا بہترین ادارہ ہے، اس میں آپ خود ایکشن لے لیں اور میں چونکہ وہاں کا بانی بھی ہوں اس سکول کا اور ہمیشہ اس کا خیال بھی رکھتا ہوں، پچھلے پانچ سالوں میں میں نے اس کیلئے گیارہ کروڑ روپے فاٹا سے بھی لئے لیکن وہاں پر ایک ہاسٹل کی ضرورت میں نے دیکھی اور فیڈرل گورنمنٹ سے بھی کوشش کرتا رہا، تو اس ادارے کو تباہی سے بچایا جائے اور ایک دو دن میں، اور چونکہ سی ایم صاحب کے ساتھ ہماری شاید بارہ بجے میٹنگ بھی اپوزیشن کی ہو جائے، اگر وہ ہدایات دے دیں اور اس کی رپورٹ بھی منگوالیں تو وہاں پر بھی اس کی ڈسکشن ہو جائے گی۔ باقی تعلیم پہ خواہ وہ کالج ہے، سکول ہے، جو شروع ہے، میں تو چاہوں گا کہ اس کی تکمیل جلدی ہو، اس کیلئے پوری فنڈنگ اس سال ہو جائے کہ وہ مکمل ہو۔ میں آپ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں اور ایوان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں لیکن جو فیسوں کی میں نے بات کی، اس پہ خصوصی توجہ دیں، کتنا اضافہ ہو گا اور اس میں ہم ان بچوں کو کیوں، جو کہ

ایک ڈر تھااس لڑکے کو فیس کے پیسے ملتے ہیں اس کو ہاسٹل کے پیسے ملتے ہیں اور اس میں اضافہ ہو تو وہ کس طرح اپنے آپ کو ادھر چلائے گا؟ شکریہ جی۔

جناب سپیکر: تھینک یو، درانی صاحب۔ مسٹر عنایت اللہ خان صاحب

جناب عنایت اللہ: بِسۡمِ ٱللهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ میں بڑا فوکس ہو کر تین چار چیزیں منسٹر ہائر ایجوکیشن کے نوٹس میں لاؤں گا اور آپ کی وساطت سے چیف منسٹر صاحب موجود ہیں ان کو بھی ایڈریس کروں گا، کیونکہ میری تو Expectation رہے گی کہ دو چیزوں کے اوپر وہ بھی ریسپانڈ کریں کیونکہ ایک لیٹر ان کے نام لکھا گیا ہے۔ سب سے پہلے تو بات یہ ہے کہ جو یونیورسٹیوں کی Mushroom growth ہوئی ہے گزشتہ دس پندرہ سالوں کے اندر تو اس وجہ سے یونیورسٹیز Default میں جارہی ہیں، کیا صوبائی حکومت جو کہ بجٹ کے اندر فنانس منسٹر کی سپیچ کے مطابق وہ Consolidation پہ جارہی ہے، کیا آپ نئی یونیورسٹیاں بنانے پہ کوئی Moritorium لگانے کا ارادہ رکھتے ہیں کہ نہیں؟ یہ جو کرنٹ یونیورسٹیاں ہیں، آپ ان کو بحران سے نکالیں اور جو کرنٹ ہائر ایجوکیشن کے اندر Deadlock ہے، اس کو Consolidate کریں۔ میں Specially چیف منسٹر صاحب اور ہائر ایجوکیشن منسٹر سے یہ پوچھنا چاہوں گا۔ دوسری بات میں یہ کرنا چاہوں گا کہ 18th Amendment کے اندر Devolution کے بعد پراونشل ایجوکیشن کونسل بننی تھی جو کہ باقی صوبوں کے اندر بن چکی ہے، ہمارے صوبے کے اندر کیوں نہیں بن رہی ہے؟ کیونکہ اس کے نتیجے میں ہمارے صوبے کے اندر جو ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ ہے، اس کی Capacity اور Competency build نہیں ہورہی ہے، اس کیلئے آپ کیا Steps اٹھا رہے ہیں؟ میں تیسرا سوال یہ اٹھانا چاہوں گا کہ وائس چانسلر کی طرف سے سیکرٹری ہائر ایجوکیشن کے نام ایک لیٹر لکھا گیا ہے جس میں انہوں نے کہا ہے کہ کیمپس پولیس کے اوپر پشاور یونیورسٹی کے ایک ارب روپے ہیں، بات بہت بڑی Important ہے، پشاور یونیورسٹی کے وائس چانسلر نے سیکرٹری ہائر ایجوکیشن کو لیٹر لکھا ہے، اس لیٹر کی کاپی میرے پاس موجود ہے، منسٹر صاحب چاہتے ہیں تو میں ان کے حوالہ سے کہوں گا کہ کیمپس کے اندر جو پولیس ہے، اس کے اوپر ان کے ایک ارب روپے ہیں، کیا یہ لیٹر ان کے نوٹس میں ہے؟ وہ بجلی کے بل کی مد میں ہے، وہ بالکل بجلی کا بل نہیں دیتے ہیں اور اس وجہ سے پشاور یونیورسٹی اس قسم کے دوسرے مسائل کی وجہ سے وہ Default میں ہے، خسارے میں ہے۔ ایک پرائیوٹ سیکٹر میڈیکل کالج کے طرف سے چیف منسٹر

صاحب کے نام لیٹر لکھا گیا ہے 'ایٹا' کے حوالے سے، یہ جو گزشتہ سال اور اس سال 'ایٹا' کے اندر جو گپلے ہوئے ہیں، اس طریقے سے 'ایٹا' کے ٹیسٹ کو بار بار کینسل کیا گیا ہے اور سپریم کورٹ کا Decision آیا ہے کہ 'ایٹا' کی بنیاد پہ پورے پاکستان میں میڈیکل کالجز کے اندر داخلے ہوں گے اور خیبر پختونخوا کے میڈیکل کالجز کے اندر بھی پورے پاکستان سے اوپن میرٹ پہ لوگ آئیں گے، بظاہر تو یہ بات بڑی خوبصورت اور اچھی لگتی ہے کہ میرٹ پرموٹ ہوگی لیکن میں اس کے Loopholes آپ کو بتا رہا ہوں۔ سب سے پہلے یہ ہے کہ آپ کا جو انٹری ٹیسٹ ہوا ہے، وہ بڑا Flawed ہے، میرا مطالبہ ہوگا کہ آپ اس پورے پراسیس کے اوپر ایک پارلیمانی کمیٹی بنائیں تاکہ وہ اس کا جائزہ لے لیکن اس کے اندر، Keys کے اندر جو Answers تھے، وہ غلط تھے، جو نمبرنگ کی گئی تھی، Keys کے اندر جو سوالات کے جوابات تھے ان کی ترتیب میں بھی غلطی تھی اور بہت سے لوگوں کو انہوں نے اس پہ متاثر کیا ہے۔ تیسری جو بات ہے، وہ یہ ہے کہ آپ کے انٹری ٹیسٹ کے اندر Negative marking کا Criteria موجود ہے جو کہ پنجاب کے اندر نہیں ہے۔ میں ایک Interesting Statistic آپ کو پیش کر رہا ہوں، پنجاب کے اندر جو ٹیسٹ ہوا ہے، اس ٹیسٹ کے اندر پچاس فیصد سے زیادہ لوگوں نے ساٹھ فیصد مارکس حاصل کئے ہیں، خیبر پختونخوا کے اندر جو انٹری ٹیسٹ ہوا ہے، اس میں سے پانچ فیصد سے زیادہ لوگوں نے یعنی پانچ فیصد لوگوں نے ساٹھ فیصد مارکس حاصل کئے ہیں، اب اگر ان حقائق کی موجودگی میں کہ Negative marking ادھر ہے اور ادھر نہیں ہے، یہاں کا انٹری ٹیسٹ آپ کا Flawed ہوا تھا، وہاں ساٹھ فیصد لوگوں نے پچاس فیصد لوگوں نے ساٹھ فیصد مارکس لئے، آپ کے پانچ پرسنٹ لوگوں نے ساٹھ فیصد مارکس لئے، اگر ایک Open competition پہ پرائیویٹ میڈیکل کالجز کے اندر پورے پاکستان سے لوگ آئیں گے تو آپ کے صوبے کے لوگوں کی کیا پوزیشن رہے گی، کیا آپ اس مسئلے کو فوری طور پہ ایڈریس کرنا چاہتے ہیں، کیا آپ خیبر پختونخوا کے میڈیکل کالجز کیلئے، پرائیوٹ میڈیکل کالجز کیلئے یہ پالیسی بنانا چاہتے ہیں کہ یہاں باہر کے میڈیکل کالجز کے لوگوں کو پنجاب اور سندھ اور بلوچستان کے لوگوں کو صرف کوٹے کے اوپر داخلہ ملے گا؟ اگر Open Competition ہوگا تو ایک مہینہ بعد میں آپ کو بتاؤں گا کہ پورے لوگ وہاں سے آئیں گے، یہاں آپ کے لوگوں کو داخلہ نہیں ملے گا، یہ لیٹر چیف منسٹر صاحب کے نام لکھا گیا ہے، میں ان سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ وہ اس کا Cognizance لیں۔ جناب سپیکر صاحب! میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ Chief Minister was not around اور میں

نے باقی کٹ موشنز کے اندر اس کا ذکر کیا تھا، ہیلتھ کے اوپر جو کٹ موشن تھی، میری ایک آر ایچ سی ڈراپ ہو گئی ہے، تین سالہ پرانی سکیم ہے، ایک مینجمنٹ سائنسز کا کالج ہے، اس کیلئے سیکشن فور بھی ہوا ہے، وہ بھی ڈراپ ہوئی ہے، میں چیف منسٹر صاحب سے Expect کروں گا کہ وہ اپنی Concluding speech کے اندر مجھے ایشورنس دلائیں کہ ان سکیموں کو، کیونکہ یہ جو اے ڈی پی ہمارے ایوان کے سامنے ہے، یہ Proposed ہے، یہ Dropped ہے، اس کے اندر شامل کریں گے، میں ان کا ممنون رہوں گا اور میں منسٹر صاحب کا مشکور رہوں گا کہ میں نے Specifically جو تین چار پوائنٹس بتائے ہیں، اس پہ وہ مجھے Respond کریں۔ تھینک یو ویری مچ۔

جناب سپیکر: محمود احمد خان صاحب۔

جناب محمود احمد خان: تھینک یو جناب سپیکر۔ منسٹر صاحب سے خالی ایک دو ریکویسٹ کرنی تھیں باقی تو درانی صاحب ہمارے اپوزیشن لیڈر صاحب نے تفصیل میں بات کی ہے۔ ہمارے ڈگری کالج ٹانک میں تقریباً پچاس بہت سی ایسی پوسٹس ہیں جو ساری Vacant ہیں، ریکویسٹ یہ کرنی ہے، منسٹر صاحب کی توجہ چاہتے ہیں، کہ کم از کم ادھر سٹوڈنٹس کیلئے جو پروفیسرز آتے ہیں کم از کم ان کو تو ادھر ٹرانسفر کریں تاکہ ٹیچر یا لیکچرار جو بھی ہوں وہ ادھر آ جائیں، اسی طرح فیمیل میں بھی یہی پوزیشن ہے، ادھر بھی ویکنٹ پوسٹیں ہیں تو میں منسٹر صاحب سے یہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ کم از کم ٹانک کی لسٹ منگوالیں، میل اور فیمیل دونوں جو پوسٹیں Vacant ہیں، ان کو Fill کریں۔ ساتھ ہی ساتھ جناب سپیکر صاحب! منسٹر صاحب اس چیز کی بھی وضاحت کریں جو پچھلے دور میں ڈگری کالجز منظور ہوئے تھے، وہ کب تک بنیں گے، کب تک ٹینڈر ہوں گے؟ ابھی تو نئے اور ہیں، جو پچھلے منظور ہوئے، وہ کب تک حکومت ارادہ رکھتی ہے؟ اس کی بھی تفصیل دے دیں۔

جناب سپیکر: شکریہ محمود خان صاحب، محمود احمد خان صاحب۔ جناب منور خان صاحب۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ تھینک یو، مسٹر سپیکر۔ سر! میں 2013ء کی بات کروں گا، جب میں ایم پی اے تھا تو مروت یونیورسٹی بنی تھی اور اس کیلئے دس کروڑ روپے کی گرانٹ بھی ہوئی تھی لیکن وہ ریلیز ابھی تک نہیں ہوئی ہے۔ دوسری بات میں یہ کرنا چاہتا ہوں کہ لکی سٹی میں ایک پوسٹ گریجویٹ کالج ہے، لکی سٹی ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہے اور آپ کے نالج میں بھی ہے کہ سٹی کی طرف لوگ جارہے ہیں اور وہاں پہ اب سٹی اتنی زیادہ، اتنا لوڈ، اتنا شارٹ بن گیا کہ وہ پوسٹ گریجویٹ

کالج، اب اس میں اتنی گنجائش نہیں ہے، چیف منسٹر صاحب بھی بیٹھے ہیں، منسٹر صاحب بھی بیٹھے ہیں، میں ریکویسٹ کروں گا کہ یہ میرے خیال میں مجھے یاد ہے، 1978ء یا 1976ء میں یہ ڈگری کالج بنا ہے، ابھی تک لکی سٹی میں دوسرا کوئی کالج نہیں ہے، میں ریکویسٹ کروں گا کہ Need basis پہ لکی سٹی کو ایک اور کالج دیا جائے تاکہ وہاں کے جو لوگ ہیں، کیونکہ آج کل یہ مسئلہ ہے کہ جہاں بھی کالج ہے، دوسروں کو اس میں داخلہ بھی نہیں دیتے اور میرٹ پر تو آج کل میرے خیال میں کافی بچے ایڈمشن سے رہ جاتے ہیں اور آخر میں میں سر! میں نہیں کرنا چاہتا تھا لیکن مجبوری ہے کیونکہ 2008ء سے لیکر 2018ء تک میں ریگولر یہاں پہ آرہا ہوں اور جو بھی چیف منسٹر آتا ہے، اس کی تقریر بڑی اچھی ہوتی ہے اور یہاں تک بھی کہہ جاتے ہیں کہ یہاں پہ جتنے ایم پی ایز بیٹھے ہیں وہ اپنے حلقے کے چیف منسٹر ہیں لیکن جب وقت آتا ہے تو پھر یہ یا مردان کے ہو جاتے ہیں یا نوشہرہ کے ہو جاتے ہیں، آج کل محمود خان صاحب ہیں خدا کرے کہ یہ سوات کے نہ رہیں اور باقی سارے صوبے کے رہیں تو (تالیاں) یہاں پہ سر! میں ایک بات کرنا چاہتا ہوں کہ ہزارہ کے جو حیدر زمان صاحب ہیں، جنہوں نے ہزارہ صوبے کا اعلان کیا تھا، آج میرے یہاں پہ جنوبی اضلاع کے لوگ بیٹھے ہیں، میں بھی آج ان کو یہی کہتا ہوں، جنوبی اضلاع کے صوبے کا میں یہاں پر تحریک کا اعلان کرتا ہوں سر، (تالیاں) کیونکہ جب تک، آپ جب تک (مداخلت) یو منٹ، یو منٹ، کیونکہ حیدر زمان صاحب خدا ان کو بخشے، آج چلے گئے، کیونکہ میں جنوبی اضلاع کے لوگوں کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ جب تک آپ کے پاس چیف منسٹر نہیں ہوگا، نہ آپ کے پاس کالج ہوگا، نہ آپ کے پاس یونیورسٹی ہوگی، نہ آپ کے پاس روڈ ہوگا، تو لہذا آج میں، حیدر زمان تو میں نہیں بن سکتا لیکن میں کوشش کروں گا، اپنے جنوبی اضلاع کیلئے علیحدہ صوبے کی میں یہاں سے تحریک شروع کرنے کا اعلان کرتا ہوں۔ تھینک یو سر۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: جناب فیصل زیب خان۔

جناب فیصل زیب خان: شکریہ جناب سپیکر۔ میرے لئے تو آج بہت خوشی کی بات ہے کہ سی ایم صاحب یہاں پہ موجود ہیں جن کا تعلق ملاکنڈ ڈویژن سے ہے۔ جناب سپیکر، ہائر ایجوکیشن کے حوالے سے دو تین پوائنٹس میں منسٹر صاحب کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں، سب سے پہلے تو سپریم کورٹ نے ایک آرڈر کیا تھا جناب سپیکر! میڈیکل کالجز کے بارے میں کہ پرائیویٹ میڈیکل کالجز جو فیس لے رہے ہیں سٹوڈنٹس

سے، کسی سے بیس لاکھ لے رہے ہیں ڈونیشن کی مد میں، کسی سے پندرہ لاکھ روپے لے رہے ہیں، تو سپریم کورٹ نے ایک فیصلہ کیا تھا کہ سب سٹوڈنٹس سے مساوی بنیاد پہ فیس لی جائے گی، تو کیا ابھی تک اس پہ کوئی Implementation ہوئی ہے؟ دوسرا جناب سپیکر! میں اپنے ضلعے کی بات کروں گا، سی ایم صاحب موجود ہیں، اس دن میں نے اپنی بجٹ سپیچ میں بھی کہا تھا جناب سپیکر! کہ میرے ضلعے میں کوئی گرلز، خصوصاً میرے حلقے میں کوئی گرلز ڈگری کالج نہیں ہے، جب اتنی بڑی گرانٹ لی جا رہی ہے تو کیا اس میں میرے حلقے کی ہماری بہنوں کیلئے، ہماری بچیوں کیلئے کوئی حصہ ہوگا کہ نہیں، کیا اس بار پھر ان کو محروم رکھا جائے گا؟ جناب سپیکر! ہمارا اپورن ڈگری کالج ہے، ٹیچرز وہاں پہ موجود نہیں ہیں، پوسٹیں Vacant ہیں اور ہمارے بچے جو کہ غریب خاندانوں سے تعلق رکھتے ہیں، وہ مجبور ہو کر سوات اور پشاور میں ایڈمشن کیلئے کوشش کرتے ہیں اور جب یہاں پہ آتے ہیں تو ان کو کہا جاتا ہے کہ دس پرسنٹ کوٹہ ہے، پندرہ پرسنٹ کوٹہ ہے اور بڑے قابل بچے پھر اچھے کالجز اور یونیورسٹیوں سے رہ جاتے ہیں اور اپنے سال ضائع کر لیتے ہیں تو Kindly اس پر بھی نوٹس لیا جائے کہ ہمارے اپنے کالج میں اچھے لیکچرار اور ٹیچرز دیئے جائیں تاکہ بچے مجبور نہ ہوں اور Out districts نہ جائیں۔ جناب سپیکر، یہاں پر میں خصوصی طور پر چکیسر ڈگری کالج کی بات کروں گا، بہت برا حال ہے وہاں پہ کلاس رومز کا بھی، واش رومز کا بھی اور بچے پھر وہاں نہیں جاتے پڑھنے کیلئے کیونکہ وہاں پر ان کیلئے کوئی سہولیات ہی نہیں، تو منسٹر صاحب! آپ ہمیں اس بات پہ مطمئن کریں اور سی ایم صاحب سے ریکویسٹ ہوگی کہ Kindly ہم آپ کے پڑوس میں رہتے ہیں تو کوئی نظر و کرم ہمارے شانگلہ پر بھی کریں۔ مہربانی۔

<u>جناب سپیکر:</u> تھینک یو۔ شگفتہ ملک صاحبہ۔

<u>محترمہ شگفتہ ملک:</u> تھینک یو، مسٹر سپیکر۔ میں ایک دو ایشوز کو Highlight کرنا چاہوں گی۔ ایک تو جو پچھلے دنوں پشاور یونیورسٹی میں جو واقعہ ہوا اور اس میں سٹوڈنٹس نے جب فیس کی کمی کا مطالبہ کیا اور ایک پرامن ان کا جو Protest تھا تو ایک تو اس حوالے سے میں کہنا چاہوں گی کہ یہاں پہ جو ہماری صوبائی حکومت ہے اور وفاقی حکومت ہمیشہ یہ بات کرتی ہے کہ جی ہم تعلیمی ایمرجنسی نافذ کریں گے اور ایجوکیشن کیلئے جتنی باتیں کر رہے تھے تو میرے خیال میں ایک تو ان چیزوں کے حوالے سے تھوڑا ہمیں منسٹر صاحب اور وزیر اعلیٰ صاحب بھی موجود ہیں کہ اس کیلئے شاید کوئی کمیٹی بھی بنائی گئی ہے تو جب آپ کی دوسری یونیورسٹیز میں فیسوں کا جو دس پرسنٹ ہے تو پشاور یونیورسٹی کیلئے یہ چیز کیوں ہے؟ ایک تو اس کو میں

Strongly condemn کرتی ہوں، جس طریقے سے ان پہ لاٹھی چارج کیا گیا تھا، ہمارے سٹوڈنٹس جو ہیں مسٹر سپیکر! یہ ہمارا Future ہے، آنے والا مستقبل ہے اور اگر وہ ایک چیز کو Highlight کرتے ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ ان کے فنانشل ایشوز ہیں، اگر کوئی بچہ فیس نہیں دے سکتا تو ظاہری بات ہے کہ وہ حکومت سے یہ مطالبہ کرے گا اور اگر وہ فیسوں کی کمی کیلئے مطالبہ کرتا ہے تو میرے خیال میں یہ کوئی بری بات نہیں ہے، ان کو Discourage کرنے کے بجائے ان کو Encourage کرنا چاہئیے تھا، ایک، جو دوسری بات ہے مسٹر سپیکر! ہماری جو یونیورسٹیز ہوتی ہیں، ان میں، میں نے دیکھا ہے کہ سب سے زیادہ جو ہمارے بجٹ ہوتے ہیں، جو ہمارے بجٹ ہوتے ہیں تو اس میں توجہ چاہوں گی، منور خان صاحب! سوری، میں ڈسٹرب ہو جاتی ہوں، منور خان صاحب، پلیز، اگر آپ لوگ، میں دوسری بات یہ کرنا چاہ رہی تھی کہ جو ہماری یونیورسٹیز میں جو ایڈمنسٹریشن ہوتی ہے، اس پہ سب سے زیادہ بجٹ جو ہے ان کے اخراجات ہوتے ہیں، ہمیں کوشش کرنی چاہیے مسٹر سپیکر! کہ ہم سٹوڈنٹس پہ، ان کی ریسرچ پہ، ان کی ٹریننگ پہ فوکس کریں اور بجائے اس کے کہ ہم ایڈمنسٹریشن پہ، ہمارے جو وی سی صاحبان ہیں، جو پروسٹس ہوتے ہیں، ان کی گاڑیاں، آفس، لگژری جو ان کے اخراجات ہیں تو ان کو ہم کم کریں اور ہم یونیورسٹی میں جو سٹوڈنٹس ہیں، جو فیسوں کی بات ہے تو اس چیز کو میرے خیال میں زیادہ فوکس کرنا چاہیے، ایک اور بات جو کہ ہمارے ایم فل اور جو پی ایچ ڈی ہوتا ہے، اس کا Duration جو ہے اتنا Prolong ہوتا ہے تو اس میں بھی کافی ٹائم لگتا ہے، ایک تو اس چیز پر بھی وزیر اعلیٰ صاحب! تھوڑی سی توجہ چاہوں گی۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: Fazal e Ilahi Sahib! Take your seat please چیمبر میں جائیں گے، وہاں بات کریں۔

<u>محترمہ شگفتہ ملک</u>: اور ایک جو Important بات ہے کہ ہماری جو صوابی کی یونیورسٹی ہے مسٹر سپیکر! اور وہاں کے جو وائس چانسلر ہیں، شاید ان کی کوئی انکوائری چل رہی ہے، یونیورسٹیز میں یہ ہوتا ہے کہ آپ کا سینڈیکیٹ جو ہے وہ Recommend کرتا ہے اور سینڈیکیٹ بجٹ Approve کرتا ہے لیکن ان کا بجٹ جو ہے وہ Approve نہیں ہوا، اس کے باوجود ان کے اخراجات، اپوائنٹمنٹس یہ سارا کچھ کر رہے ہیں، تو میرے خیال میں یہ تو Illegal ہے اور ساتھ ہمارے جو صوابی یونیورسٹی کے وائس چانسلر ہیں، ان پہ جو خاص نظر کرم ہے کہ باقی یونیورسٹی سے ان کی سیلری، ان کی مراعات جو ہیں وہ زیادہ رکھی گئی ہیں، تو یہ بھی

ہمیں منسٹر صاحب بتادیں کہ آیا کیوں؟ان کی جو Research base ہے وہ زیادہ ہے،ان کی کوالیفیکیشن زیادہ ہے؟ان کو دوسرے جو ہمارے وائس چانسلرز ہیں ان سے زیادہ ان کو اہمیت دی جارہی ہے اور ایک بات کہ یہاں پہ ہمارا جو یہ کلیئر ہے، Preamble Act میں بھی کہ آپ ٹرانسپرنسی کی ہم بات کرتے ہیں To enhance quality of education،اس کی بات کرتے ہیں تو اس چیز میں میرے خیال میں موجودہ حکومت نے کافی باتیں کی ہیں،اس کو کب تک یہ لوگ Implement کریں گے؟ تھینک یو۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔جناب سردار حسین بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: شکریہ جناب سپیکر صاحب، ہائرایجوکیشن کے حوالے سے بڑی اچھی اچھی تجاویز آئیں، میں بھی حکومت کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ جناب سپیکر! جو ایلیمنٹری ایجوکیشن ہے، تعلیمی اداروں کیلئے یعنی سکولوں کیلئے ہماری حکومت زمین نہیں خرید رہی ہے اور ہائرایجوکیشن کیلئے ظاہر ہے پھر اس کیلئے بہت زیادہ زمین درکار ہوتی ہے تو خریدنا پڑتی ہے لیکن یہاں پہ وزیراعلیٰ صاحب بھی موجود ہیں تو میں ان کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ یہ Land acquisition Act ہے، یہ بڑا واضح ہے کہ بنجر زمین ہو یا جہاں پہ بہت ہی زیادہ حکومت کی مجبوری ہو تو وہاں پہ سیکشن فور لگائیں، میں یہی ریکویسٹ کروں گا کہ آج کل ایسا ہی ہو رہا ہے کہ مخالفین کی زمین یا جو قابل کاشت زمین ہو،اس پہ سیکشن فور لگایا جارہاہے، تو وزیراعلیٰ صاحب کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ اس چیز کا اگر نوٹس لیا جائے اور جو Land acquisition Act ہے، یعنی جس کی ہم زمین جس تعلیمی ادارے کیلئے لے رہے ہیں، اگر اس کی رضامندی بھی اس میں شامل ہو تو میرے خیال میں یہ اچھا اس لئے بھی رہے گا کہ مارکیٹ ریٹ جو ہے، وہ آج کل تو سپیکر صاحب!آپ کو بھی پتہ ہے کہ زمین ہر جگہ پہ بہت مہنگی ہے لیکن جو حکومت پیسہ دے رہی ہے، وہ بہت کم ہے تو وہاں پہ مسائل پیدا ہو رہے ہیں تو یہ وزیراعلیٰ صاحب بیٹھے ہیں،ان کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں جناب سپیکر! ہمارے صوبے میں میرے خیال میں یہ ایک ریکارڈ ہے، تنقید ظاہر ہے Criticism ہوتا رہتا ہے، لیکن میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ عوامی نیشنل پارٹی کے دور میں اگر ہم 2008ء سے پہلے دیکھیں تو ہمارے ہائرایجوکیشن کا جو Ratio ہوتا تھا، وہ Ratio 0.5 تھا،اس کی بنیادی وجہ Accessibility کا نہ ہونا تھا، یعنی مواقع نہیں تھے، ماشاء اللہ ہمیں ایک موقع ملا، باوجود اس کے کہ Militancy peak پہ تھی، قدرتی آفات آئیں لیکن اس کے باوجود ہائرایجوکیشن میں ہم نے چترال سے لے کر، چترال سے ڈی آئی خان تک جنوبی اضلاع تک انیس یونیورسٹیاں اور انیس یونیورسٹی کیمپس جو ہیں

بشمول یونیورسٹی کیمپسز، یہ ہم نے تعمیر کی تھیں اور یہ ریکارڈ پہ ہے، میں ہرگز یہ نہیں کہوں گا لیکن میں جب پچھلی حکومت کی دو یونیورسٹیوں کو دیکھتا ہوں جو کہتے ہیں کہ صوابی میں ویمن یونیورسٹی بنائی ہے، جناب سپیکر! وہ وہاں پہ کالوڈھیری ایک گاؤں ہے صوابی میں، ہمارے دور حکومت میں وہاں پہ ہم نے بوائز کالج بنایا تھا اور اسی کالج میں پھر ان لوگوں نے Initiate کیا ہے ویمن یونیورسٹی کو، اور ابھی وہ جو کیمپس ہے اس کو شفٹ کر گئے ویلج کو ٹھا میں، وہاں پہ بھی ہمارے دور حکومت کا بوائز کالج تھا، تو میرے خیال میں حکومت کو جب دوسری حکومت سے Compete کرنا ہوتا ہے تو دیکھنا چاہیے، حکومتوں کو یہ یونیورسٹیاں اور بنانی چاہئیں، تو میں یہی ریکویسٹ کروں گا وزیراعلیٰ صاحب سے کہ اس یونیورسٹی کو زیادہ سے زیادہ فنڈ دے دیں، جو فنڈز ہم نے اپنے دور حکومت میں یونیورسٹیوں کو دیئے تھے۔ اسی طرح مردان، عاطف خان کو میں نے یہاں پہ دیکھا، مردان میں پچھلی حکومت نے جو اعلان کیا ہے، وہ عبدالولی خان یونیورسٹی کے گرلز کالج کو انہوں نے یونیورسٹی میں تبدیل کر دیا ہے اور میں یہ بھی بتاؤں کہ بہت زیادہ Criticism ہو رہا ہے اے این پی پہ لیکن ہم نے اپنے دور حکومت میں صرف ہائرایجوکیشن کیلئے پانچ ہزار پانچ سو کنال زمین خریدی ہے، پانچ ہزار پانچ سو کنال زمین ہم نے خریدی ہے، تو ریکویسٹ ہو گی وزیراعلیٰ صاحب سے کہ وہ Compete کریں۔ اے این پی نے اگر اپنے دور حکومت میں انیس یونیورسٹیاں اور انیس کیمپسز بنائے ہیں تو ماشاء اللہ ان کو سیکنڈ ٹائم حکومت ملی ہے، میں توقع کروں گا کہ ان شاء اللہ یہ حکومت بیس یونیورسٹیاں اور بشمول کیمپسز سارے صوبے میں بنائے، بونیر یونیورسٹی کے حوالے سے میں بات کروں گا، ہمارے محترم وزیراعظم صاحب وہاں پہ گئے تھے، انہوں نے افتتاح کیا لیکن جو میں دیکھ رہا ہوں کہ One thousand three hundred and five million allocation ہے اور پچھلے پانچ سال کو ملا کے اور یہ جو ابھی رواں سال ہے، صرف 315 ملین ان لوگوں کی جو ہے اس سال کی ایلوکیشن ہے، تو میں یہ بھی ریکویسٹ کروں گا وزیراعلیٰ صاحب کو، مجھے پتہ ہے کہ مالی مشکلات ہیں لیکن اگر ہو سکے اور یہ گنجائش نکالنی چاہیے یونیورسٹی بونیر کیمپس کو، ہم نے وہاں پہ عبدالولی خان یونیورسٹی کیمپس کھولا ہے، ماشاء اللہ اب وہاں پہ ہزاروں بچے اور بچیاں جو ہیں وہ پڑھ رہے ہیں، تو اگر ممکن ہو تو اس کی ایلوکیشن میں اضافہ ہونا چاہیے۔ منور خان صاحب نے ایک بات کی کہ جنوبی اضلاع کو جب تک وزیراعلیٰ نہیں ملتا، میں ان کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ جنوبی اضلاع سے ابھی تک ہمارے محترم اکرم درانی صاحب کو اللہ اور زندگی دے اور اللہ ایک موقع اور دے دے، تین وزراء اعلیٰ وہاں سے آئے ہیں ماشاء اللہ، ان سب نے،

ہمارے بزرگ ہیں، بہت ہی حد تک انہوں نے کوشش بھی کی ہے اور خدمت بھی کی ہے اور ہم اعتراف بھی کرتے ہیں فلور آف دی ہاؤس، اسی طرح پشاور ویلی، پشاور ویلی، یہاں سے بھی تقریباً تقریباً بہت سارے وزیر اعلیٰ آئے ہیں، اسی طرح ہزارہ ڈویژن، وہاں سے بھی آئے، میرے خیال میں صوبے کی تاریخ میں پہلی دفعہ، پہلی دفعہ ملاکنڈ سے یہ میرا بھائی وزیر اعلیٰ آئے ہیں، ان کو نظر نہ لگائیں، ان کو نظر نہ لگائیں، پہلی دفعہ آئے ہیں، ہم سب کو ان کا ساتھ دینا چاہیے تاکہ ایک ڈویژن جو وزارت اعلیٰ سے محروم تھا، آپ سب ہمارا ساتھ دیں گے تاکہ ملاکنڈ ڈویژن بھی ترقی کرے۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: تھینک یو، بابک صاحب۔ بہادر خان صاحب۔

<u>جناب بہادر خان</u>: شکریہ، سپیکر صاحب! تاسو ته ډیر په ادب، زه هم دغه چې څنګه دوئ خبره اوکړه، داسې زما په حلقه کښې په PK-16 کښې درې کالجونه دی، یو ډګری کالج فیمیل دے، یو ډګری کالج میل دے، یو ډګری کالج ټیکنیکل دے، په هغې کښې هیڅ سهولت نشته دے، نه پکښې ټیچر شته دے، نه پکښې پروفیسر شته دے، نه ئے د واپډې څه سهولت شته دے، بجلی پکښې نشته دے، د اوبو څه سهولت پکښې نشته دے، واش روم وغیره وغیره هر څه داسې مفلوج دی، منسټر صاحب ته دا درخواست کوؤ چې یره دا به یقینی کړی، لکه په تیر شوی ایمرجنسی کښې خو اونه شوه، نه پکښې یو سکول جوړ شو، نه پکښې کالج جوړ شو، نه پکښې ټیچر راغلو، هیڅ هم نه دی شوې، هغه ایمرجنسی به وی کنه، که نه دې له به داسې هنګامی طور باندې دا تیره ارب روپئ تاسو مختص کړی دی۔ سرا! یو داسې Surety غواړو، بل د یو عظیم شخصیت په نوم باندې په دې حلقه کښې یو ماډل سکول جوړ شوے وو، باچا خان ماډل سکول چې هغه په تیر شوی وخت کښې په سیاسی تعصب باندې هغه بند کړے شوے دے او ما منسټر صاحب ته درخواست کړے وو چې یره په دیکښې یو کمیټی جوړه کړه چې دا بند ولې شو، په دیکښې کرپشن ولې اوشو، دا سټاف ولې ډسټرب دے؟ هغه سټاف تلے دے، په هائی کورټ کښې ئے باقاعده آرډر اخستے دے، چې د دې ایډجسټمنټ اوکړئ او په دیکښې انکوائری اوکړئ، دا سکول چالو کړئ، نو زه چیف منسټر صاحب ته دا درخواست کوم چې دا باچا خان یواځې د دې پښتنو

نه، د دې غونډ برصغير د پاره چې څومره قربانيانې دی، زمونږه او ستاسو د مشرانو په وساطت باندې درخواست درته کوم چې نن به راته د خيره د دې د چالو کيدو اعلان کوئ او دغه شان د دې پاتې شوی کالجونو چې څومره کمے دے، دا به راته پوره کوئ او دا چې په دې شته روپو کښې زمونږ په دې حلقه کښې به نوره هم مونږ ته حصه راکوئ د خيره۔ ډيره مهربانی۔

جناب سپیکر: شکریہ، خان بہادر صاحب۔ ثوبیہ شاہد صاحبہ!

محترمہ ثوبیہ شاہد: تھینک یو، جناب سپیکر صاحب، جناب سپیکر صاحب! شکریہ۔ جو ہمارے چیف منسٹر صاحب بھی آئے ہیں اور چیف منسٹر صاحب اس دفعہ ملاکنڈ ڈویژن سے ہیں جس کی وجہ سے ہمیں بہت خوشی ہے اور وہی بات میں کروں گی کہ منور خان ہمارے چیف منسٹر پہ، ان کو بلیک میل نہ کریں، ہمارے لئے کام کریں گے اس دفعہ ٹھیک ہے، دوسری دفعہ، چیف منسٹر صاحب! میں آپ کو ہی مخاطب کروں گی کیونکہ ہمارے دیر کا، میں دیر کی ہوں تو میں دیر کا ہی مسئلہ آپ کے سامنے پیش کروں گی کیونکہ لاسٹ ٹائم این اے 7 کا ٹکٹ مجھے ملا تھا جو میں نے ادھر سے Contest کیا ہے، جناب سپیکر صاحب، میں ادھر Compain کیلئے گئی، مجھے بہت افسوس ہوا اپنے پچھلے پانچ سال میں بھی کہ میں اپنی مایوسی، میں سمجھتی رہی کہ جماعت اسلامی ادھر کام کر رہی ہے اور گورنمنٹ میں ہے تو ان لوگوں نے وہ سارے مسئلے حل کئے ہوں گے لیکن آج مجھے بولنا پڑ رہا ہے، مجھے بہت افسوس ہے کہ ادھر کوئی بھی، ابھی تک Co eduction ہے؟ پرائمری سکولوں میں بھی اور مڈل میں بھی، Co education ہے، جو جو لوگ اپنی بچیوں کو پڑھانا چاہتے ہیں تو انہیں لڑکوں کے سکول میں ان کو بھیجا جاتا ہے جس سے بہت سے مسائل بھی پیدا ہو رہے ہیں کیونکہ نواب صاحب کی وجہ سے ہمارا جو دیر کا علاقہ ہے، وہ 1960ء میں ہی آزاد ہوا تھا جس کی وجہ سے ہم باقی ڈسٹرکٹس سے بہت پیچھے ہیں، اور ہر بجٹ میں چاہیے کہ ہمیں الگ ایلوکیشن دی جائے تاکہ ہمارا ڈسٹرکٹ بھی ایجوکیشن میں، پبلک ہیلتھ میں، ہیلتھ میں، ان چیزوں میں ہمارا ڈسٹرکٹ Improve کر سکے اور باقی ڈسٹرکٹس کے ساتھ چل سکے۔ وزیراعلیٰ صاحب، اس دفعہ میں بار بار اس فلور پہ بھی اور جو بھی ہے، ہمارے ادھر سکولز نہیں ہیں، ہمارے سکولز جو ہیں اگر پرائمری تک ہیں تو وہ مڈل تک نہیں جا سکتے، اگر مڈل ہیں تو ان کیلئے ہائر ایجوکیشن نہیں ہے اور چونکہ ہمارا علاقہ زیادہ سخت ہے عورتوں کے معاملے میں، کیونکہ ابھی تک ووٹ ڈالنے کا حق بھی ان کو نہیں تھا، تو ان کیلئے جو یونیورسٹی ہے، ایک الگ جگہ اس کیلئے مختص کریں تاکہ اس میں وہ یونیورسٹی کی تعلیم بھی الگ حاصل کر سکیں۔ یہ ہمارے دیر کا بہت

بڑا مسئلہ ہے، آج میں اس بجٹ نیوز کو پیش کروں گی لیکن پانچ سال یہی میری آواز ہو گی اور آپ سے ریکویسٹ ہو گی، خیر ہے میرے ذریعے نہ کریں، اگر میں دوسری پارٹی سے ہوں یاReserve سے ہوں یا جس سے بھی ہوں، ہمارے جو یہ ممبران ہیں جو پی ٹی آئی سے جیت کے آئے ہیں تاکہ کل کوئی یہ نہ کہے کہ پی ٹی آئی نے بھی ایجوکیشن کے، ان کے اپنے بندے ادھر تھے اور ان لوگوں نے بھی ہمارے ہر گاؤں کو ہر محلے کو ایجوکیشن نہیں دی، آپ ان کا ریکارڈ منگوائیں، اپنے ایم پی ایز کے ذریعے منگوائیں جو ہمارے دیر کے Elected MPAs ہیں پی ٹی آئی کے، پارٹی ٹکٹ سے جیت کے آئے ہیں، ان کے ذریعے آپ ریکارڈ منگوائیں کہ ہماری لڑکیوں کے سکولز ادھر نہیں ہیں۔ دوسرا ایک بہت بڑا مسئلہ ہے، چیف منسٹر صاحب! میں آپ سے مخاطب ہوں، پلیز آپ توجہ دیں، سوات پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ اور تیمر گرہ پولی ٹیکنیک اور چکدرہ ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ، ان میں جائنا نے Wool کی تین تین مشینیں دی ہیں جس میں ایک مشین کی قیمت ستر لاکھ روپے ہے اور ان کی کل قیمت چھ کروڑ تیس لاکھ روپے بنتی ہے اور ابھی تک کوئی آپریٹر ادھر نہیں ہے، ایک ٹیکنیشن نہیں ہے کہ جو اس کو مطلب وہ اس کو Run کر سکے اور یہ Last five /ten years سے وہ اسی طرح پڑی ہوئی ہیں۔

جناب سپیکر: ثوبیہ بی بی! سمیٹیں اپنی گفتگو کو، Time is very short

محترمہ ثوبیہ شاہد: سر! میرے بارے میں آپ ہمیشہ کہتے ہیں کہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، آپ کے بارے میں نہیں، میں اس کے بعد ہر ایک کے بارے میں کہوں گا اور میں وہ Rule 140 وہاں پہ Apply کر دوں گا۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: سر! میں، نہیں سر! آج چیف منسٹر صاحب ادھر ہیں۔

جناب سپیکر: میں نے کہا ناں To the point چلیں۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: سر! یہ آج چیف منسر صاحب کے بھی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ بتائیں، آپ کے حلقے میں کالج نہیں ہے وہ بتائیں، جیسے کالج میں سٹاف نہیں ہے، وہ بتائیں، وہ چیز کریں۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: سر! یہ دو اہم مسئلے ہیں ہمارے ڈسٹرکٹ کے۔

جناب سپیکر: کریں ناں، بیان کریں۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: ہاں، تو یہ بہت بڑے مسئلے ہیں ان کو کریں، باقی یونیورسٹی بھی ادھر چاہیے، یہ بتایا ہے اور ساتھ میں ہائر ایجوکیشن کیلئے بھی، کالجز بھی چاہئیں جگہ جگہ جتنے بھی، چکدرہ ہے، تیمرگرہ ہے، دیر ہے، ہر جگہ پہ دیکھیں جہاں سے نزدیک پڑتا ہے تو ہر جگہ ڈگری کالج At least عورتوں کیلئے ہونا چاہیے۔ تھینک یو۔

جناب سپیکر: تھینک یو، ثوبیہ بی بی۔ خوشدل خان صاحب۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: مسٹر سپیکر، اب جو سبجیکٹ زیر بحث ہے، تمام ڈیپارٹمنٹس اپنی جگہ پر اہمیت رکھتے ہیں لیکن ایجوکیشن ایک ایسا سبجیکٹ ہے کہ تمام مذاہب، تمام ممالک میں ایک Recognized fundamental right ہے خواہ وہ ابتدائی ہو، خواہ وہ ثانوی ہو، خواہ وہ اعلیٰ تعلیم یا اعلیٰ ترین تعلیم ہو، ہم ابتدائی اور ثانوی پر بعد میں بحث کریں گے جب ان کا نمبر آجائے گا۔ اعلیٰ تعلیم کی ضرورت ہمارے ملک کو بہت زیادہ ہے اور ہر حکومت یہ دعویٰ کرتی ہے کہ ہم نے اعلیٰ تعلیم میں اتنا کام کیا ہے اور بجٹ دیا ہے لیکن اگر Politically دیکھا جائے تو وہ Achievement کسی حکومت نے حاصل نہیں کی کیونکہ ہماری بلڈنگیں بن جاتی ہیں، یونیورسٹیاں بن جاتی ہیں لیکن جس مقصد کیلئے بنائی جاتی ہیں، وہ مقصد جو اعلیٰ کوالٹی اس میں نہیں ہوتی ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ بعد میں ہم جو ذمہ دار لوگ ہیں، ان پر توجہ نہیں دیتے ہیں، یہاں پر اپوزیشن لیڈر صاحب نے بات کی ہے فیسوں کے بارے میں، میں یہ کہتا ہوں کہ اب یہ بھی جو گرانٹ ہے، یہ بھی کم ہے اسے اور زیادہ دیں، اور اس کو Proper utilize کیا جائے۔ اب دیکھیں ہماری یونیورسٹیوں میں ہاسٹل نہیں ہیں اور جو موجود ہیں، وہ بہت کم ہیں وہ سٹوڈنٹس کی Accommodation کیلئے بہت کم ہیں، نتیجتاً کیا ہوتا ہے، ایک چترال کا سٹوڈنٹ آتا ہے، بونیر سے آتا ہے، ملاکنڈ سے آتا ہے، ڈی آئی خان سے آتا ہے، تو وہ کہاں جاتے ہیں؟ وہ پرائیویٹ ہاسٹلوں میں جاتے ہیں اور پرائیویٹ ہاسٹلوں میں مسٹر سپیکر! آپ کو پتہ ہے کہ وہاں کا ماحول کیا ہوتا ہے؟ یہی جو ہم آئس کی بات کرتے ہیں، ہم نشوں کی بات کرتے ہیں، وہ ایسے جگہوں سے یہ شروع ہو جاتے ہیں کہ وہاں پر Look after نہیں ہوتی ہے، تو میرا یہ مطالبہ ہے، چیف منسٹر صاحب تشریف فرما ہیں کہ آپ Accommodation پر بھی زور دے دیں کہ آپ جتنے سٹوڈنٹس کو ایڈمٹ کرتے ہیں، اسی کے مطابق آپ ان کو جگہ بھی دیدیں، جہاں تک فیسوں کی بات ہے تو اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ Under Article 25 of the Constitution، ابتدائی تعلیم ہماری فری ہے، ابتدائی پرائمری سے لے کر

دسویں تک یہ فری ہے لیکن Article 9 لائف کو Save کرتا ہے، تو لائف میں ایجوکیشن بھی ہے، تو میں یہ کہتا ہوں کہ جو فیسیں بڑھائی گئی ہیں ان کو کم کیا جائے تاکہ غریب لوگوں کو موقع مل جائے۔ یہ ہماری حکومت کی ذمہ داری ہے کہ آپ غریب لوگوں کو، سب کو، تمام کو جن کا Right بنتا ہے، وہ Apportunity provide کریں کہ وہ بہتر سے بہتر تعلیم حاصل کر سکیں اور یہ اس وقت ہوگا کہ جب آپ ان کو Opportunity کے ساتھ مالی امداد بھی دیں، ہم یہاں سکالر شپ دیتے ہیں، ہم مراعات دیتے ہیں کیونکہ They are not able to meet the expenditure، جو آج کل اس مہنگائی کے دور میں، جو مہنگائی آ رہی ہے، تو میرا یہ مطالبہ ہوگا کہ جن سٹوڈنٹس کی جو زیادہ فیس ہے، اس کو کم کیا جائے تاکہ غریب لوگوں کی یہ پریشانی ختم ہو سکے کیونکہ جب ایک سٹوڈنٹ ایم ایس سی کا سٹوڈنٹ ہوتا ہے، وہ ایم فل کا سٹوڈنٹ ہوتا ہے، وہ پی ایچ ڈی کا سٹوڈنٹ ہوتا ہے، اگر اس کے ذہن پر یہ بوجھ ہو کہ میں اتنی بڑی فیس کہاں سے پیدا کروں گا؟ وہ والدین سے جا کے ریکوسٹ کرتا ہے اور اس کے والدین وہ Afford نہیں کر سکتے تو کیا وہ سٹڈی کرے گا کہ وہ اس فیس Production کیلئے وہ سوچیں گے تو اس پر میں یہی کہہ رہا ہوں کہ تمام ڈیپارٹمنٹس سے Cutting کر کے اس کو کم کیا جائے۔ دوسری بات ہے، جتنا ہم ایڈمنسٹریشن پر خرچ کرتے ہیں، ہم پروفیسروں کی تنخواہیں دیتے ہیں، ہم ایڈمنسٹریشن پر ان کا خرچ کرتے ہیں، وہ کم کرنا چاہیے تاکہ غریب آدمی کا بچہ اعلیٰ سے اعلیٰ تعلیم، اور ہم اس وقت مقابلہ دوسرے ممالک سے کر سکتے ہیں جب ہمارے معاشرے میں تعلیم زیادہ ہو، اگر ہمارے معاشرے کا ہر فرد تعلیم یافتہ ہو تو Then we can compete with developed nations، Otherwise ہم نہیں کر سکتے ہیں، جناب والا! ہم یہاں پر، ہمارے اپوزیشن لیڈر صاحب، ہمارے ساتھی نے 'ایٹا' پر بہت زیادہ، حقیقت میں اگر ہم یہ دیکھیں تو اس دفعہ یہ 'ایٹا' کا تین دفعہ یہ شیڈول ان کا Postpone ہو گیا، کیا اثر پڑا؟ طالبعلم پر یہ اثر پڑا کہ وہ ایڈمیشن سیشن جو ہے میڈیکل کالجز میں، وہ لیٹ ہو گیا اور جب یہ لیٹ ہو گیا اور ابھی تک انہوں نے ایڈمیشن نہیں کیا، تو یہ ان کے آنے والے وقت پر ہمارے جو گریجویٹس ہیں وہ لیٹ فارغ ہونگے تقریباً، تو اس پر نظر ثانی چاہیے۔ میرے علم کے مطابق وزیراعلیٰ صاحب کو میں کہتا ہوں کہ اس کا چیئرمین میں نے سنا ہے کہ گورنمنٹ ڈگری کالج سے آیا تھا، حیات آباد ڈگری کالج کا پروفیسر بھی ہے، تو کیا ایک آدمی دونوں ڈیپارٹمنٹس کو جو کہ 'ایٹا' ایک Important ادارہ ہے اور تمام لوگوں کی نظر اس پر ہوتی ہے، یہ سٹوڈنٹس کی لائف کی بات ہوتی ہے، ان غریب سٹوڈنٹس کی کہ جو ٹیوشن کر کے، محنت کر کے پھر اس ٹیسٹ میں

بیٹھ جاتے ہیں اور پھر ان نااہل لوگوں کی وجہ سے، اس نااہل ایڈمنسٹریشن کی وجہ سے ان کا وقت ضائع ہو جاتا ہے اور وہ فیل ہو جاتے ہیں، تو اب یہ لوگ اللہ کو کیا جواب دیں گے؟ تو یہ میں کہتا ہوں کہ یہ سپریم کورٹ کی رولنگ ہے کہ آپ ایک سے زیادہ Dual charge بھی نہیں لے سکتے ہیں اور اگر آپ چارج لیتے ہیں تو ایمرجنسی میں لیں گے اور ایسا دیں گے کہ اگر کالج کا پرنسپل نہ ہو تو پھر اسسٹنٹ پروفیسر یا پروفیسر ہو گا لیکن یہ نہیں کہ پرنسپل کو آپ کسی اور جگہ ایڈمنسٹریٹو پوسٹ پر لگائیں، وہ یہاں پرنسپل کا بھی کام کرے، پروفیسر کا بھی کام کرے اور وہاں 'ایٹا' بھی چلائے اور 'پیٹا' بھی چلائے اور دوسرے بھی چلائے، یہ اس کو کوئی گنجائش نہیں ہے، تو میرا یہ ہے کہ اس کو Re-organize کیا جائے۔ دوسری بات، اس کے بارے میں میری گزارش یہ ہے کہ 'ایٹا' کے جتنے بھی ممبرز ہیں جتنے بھی، چیئرمین سے لے کر، ان کی اپنی پرائیویٹ اکیڈمیاں ہوتی ہیں، وہاں پر ہمارے سٹوڈنٹس جاتے ہیں، اور ہمارے بچے جاتے ہیں اور یہ ان کو فیسیں دیتے ہیں اور وہ ان کو وہ طریقہ، تو یہ کس طرح ہو سکتا ہے کہ ایک 'ایٹا' کا چیئرمین ہو یا اس کا ممبر ہو اور ان کی اپنی اکیڈمیاں ہوں، وہ تو اپنی اکیڈمیوں کو زیادہ توجہ دیں گے، ان کو وہ زیادہ توجہ دیں گے، تو اس کو بھی ختم کرنا چاہیے۔

<u>جناب سپیکر</u>: ہاؤس کو 'ان آرڈر کریں' ہاؤس کو۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: ایسے لوگوں کو لایا جائے، اس کو Re-organize کیا جائے، ایسے لوگوں کو لایا جائے جو کہ Honest ہوں، ان کی Integrity پر کوئی داغ نہ ہو۔

<u>جناب سپیکر</u>: اکبر ایوب صاحب، اکبر ایوب صاحب، پلیز۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: اور ان کا اپنا کوئی پرائیویٹ بزنس نہ ہو، ایسے لوگوں کو لے آئیں تاکہ اچھا سا رزلٹ دیا جائے۔ جناب والا! یہ ہماری پریویس گورنمنٹ میں، اے این پی کی گورنمنٹ میں جس طرح بابک صاحب نے فرمایا کہ ہمارا یہ صوبہ دہشت گردی کا شکار تھا اور خاص کر میرا جو گزشتہ حلقہ تھا، پی کے۔10، اب وہ Divide ہو گیا ہے پی کے۔70 اور پی کے۔71 میں، تو میں نے حیدر ہوتی صاحب سے ریکوسٹ کی تھی اور یہ 2012ء کی بات ہے جناب عالی کہ ہمارا حلقہ جو ہے اور اس حلقے میں 'کوہ دامان' اس علاقے کو کہا جاتا ہے جو پانچ یونین کونسلز پر مشتمل ہے مسٹر سپیکر! اور اس میں گاؤں ادیزئی، شر کیرہ، متنی، اضاخیل اور میرہ، اور یہ بہت Backward area ہے، اتنا Backward کہ اب بھی وہاں پر گیس نہیں ہے، اب بھی وہاں پر بجلی نہیں ہے، اور وہ پشاور سے فاصلہ کے لحاظ سے تقریباً پندرہ کلو میٹر کے فاصلے پر

ہے، وہاں پر بجلی نہیں ہے، وہاں پر گیس نہیں ہے، تو میں نے ریکویسٹ کی تھی حیدر خان سے کہ ہمارا یہ علاقہ جو پانچ UCs ہیں، یہ بہت زیادہ دہشت گردی کا شکار ہو چکا ہے، ہر گھر میں ایک ایک شہید ہے، ہر گھر میں ایک ایک زخمی ہے اور آپ کو یاد ہو گا کہ ایک جنازے میں Suicide ہوا تھا، اس جنازے میں ادیزئی میں 153 افراد شہید ہوئے تھے تو انہوں نے یہ مہربانی کر کے ایک ڈگری کالج دیا تھا And the degree college name was Degree College Koh Daman، یہ ہوا اور اس کیلئے اے ڈی پی میں سر! اس وقت 27 کروڑ 44 لاکھ 16 ہزار روپے مختص ہوئے تھے، ابھی وہ مکمل ہو چکا ہے لیکن افسوس کی بات ہے کہ پچھلی پی ٹی آئی کی گورنمنٹ اس کو اتنی توجہ نہ دے سکی کہ وہ Operate ہو جاتا، اب وہ کمپلیٹ ہے، میں ریکویسٹ کرتا ہوں منسٹر صاحب سے، میں ریکویسٹ کرتا ہوں وزیر اعلیٰ صاحب سے کہ اس کو جلد از جلد چالو کر لیں، اس میں اپوائنٹمنٹس کی جائیں تاکہ وہاں پر Backward area کے سٹوڈنٹس ایڈمیشن لے سکیں۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> تھینک یو، خوشدل خان صاحب۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ:</u> ان کو وہ Opportunity، کیونکہ ہم نے اس پر لاکھوں روپے خرچ کئے ہیں۔

<u>جناب سپیکر:</u> Conclude کریں، پلیز۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ:</u> جی۔

<u>جناب سپیکر:</u> Conclude کریں، Conclude کریں۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ:</u> بس کر رہا ہوں، دوسری بات یہ ہے، آخری بات میں کر رہا ہوں جناب عالیٰ! میں ایسے حلقے سے تعلق رکھتا ہوں، اب یہ پی کے-70، پی کے-71 اور پی کے-79، یہ تینوں حلقے جو ہیں ان کو علاقہ مومند کہتے ہیں اور یہ جو ہمارے وزیر خزانہ صاحب، اب موجود نہیں ہیں، ان کا گاؤں بھی اس میں آتا ہے، ایک بھی ڈگری کالج نہیں ہے جناب اعلیٰ اور ہماری فیمیل سٹوڈنٹس کو بہت تکلیف ہے، پشاور میں یہاں ان کو ایڈمیشن نہیں ملتا کیونکہ آپ خود اندازہ لگائیں کہ اگر ایک گورنمنٹ کے ہائی سکول سے ایک لڑکی پاس ہوتی ہے تو اس کا کیا میرٹ ہو گا؟ اتنا وہ میرٹ حاصل نہیں کر لیتی کہ اس کو اچھے کالجوں میں ایڈمیشن مل جائے، تو ان کا وہاں پر کوئی کالج نہیں ہے، تو سر! پچھلی حکومت نے ہمیں کیا تحفہ دیا، یہ سر! بہت ضروری بات ہے، اس پر توجہ چاہتا ہوں، پچھلی حکومت نے ایک تحفہ دیا ہے ارمڑ بالا، گڑھی فیض اللہ

میں کہ وہاں انہوں نے زمین لے لی اور پشاور شہر کی جتنی گندگی ہے، ڈبلیو ایس ایس پی یہاں سے اٹھا کر وہاں زمین پر ڈالتے ہیں، اس سے وہاں پر مختلف قسم کی بیماریاں Appear ہو چکی ہیں، تو کیا ہمارا اتنا حق نہیں ہے اس ملک میں کہ اب ایک کالج کے بجائے، سکول کے بجائے، ہسپتال کے بجائے انہوں نے ہمیں گند دے دیا ہے، کیا ہم اس ملک کے رہنے والے نہیں ہیں؟ تو میرا یہ پرزور مطالبہ ہے وزیر اعلیٰ صاحب سے، آپ کے تھرو کہ جلدی Need basis پر ہمیں ایک ڈگری کالج ارمڑ بالا کیلئے وزیر اعلیٰ صاحب اگر دے دیں تاکہ ان کی کچھ نہ کچھ تسلی ہو جائے ورنہ ہم تو ان کے وہ نہیں، ہم کو گندگی آپ دیتے ہیں اور پشاور میں سے یہاں پر سے اور یہ ناانصافی ہے اس علاقے کے ساتھ، اس عوام کے ساتھ۔

Mr. Speaker: Thank you very much, Khushdil Khan Sahib.
Mr. Khushdil Khan Advocate: Thank you very much.

جناب سپیکر: محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: بِسۡمِ ٱللهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ ہائر ایجوکیشن کی اہمیت سے کوئی انکار نہیں کر سکتا، ہر تہذیب یافتہ قوم ہائر ایجوکیشن پر بھرپور توجہ دیتی ہے لیکن بد قسمتی سے دعویٰ ہر حکومت کرتی ہے لیکن ہمارے صوبے کی کسی یونیورسٹی کا نام بھی عالمی رینکنگ یونیورسٹی میں شامل نہیں ہے اور دوسرا میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ ہماری نوجوان نسل ہمارے مستقبل کی معمار ہے، ہمیں Educated nation چاہیے، نشئی نیشن نہیں چاہیے، یونیورسٹی کی حالت دیکھیں تو آج کل نشے کی وبا وہاں پہ بہت پھیلی ہوئی ہے، اس کو کنٹرول میں رکھ لیا جائے، حکومت اس پہ خصوصی توجہ دے۔ دوسرا میں 'ایٹا' کے حوالے سے بات کرنا چاہتی ہوں، اس پہ میں نے کال اٹنشن نوٹس بھی جمع کیا ہے، چار مہینے ہو گئے ہیں، ان بچوں کو ذہنی تکلیف میں مبتلا رکھا گیا ہے، جولائی سے لے کر Still ابھی تک بچے سٹرائیک کر رہے ہیں، 15 جولائی کو ان کا پہلا ٹیسٹ اناؤنس ہوا تھا جو کہ کینسل ہو گیا، 19 اگست کو ٹیسٹ لیا گیا تھا۔۔۔۔

جناب سپیکر: میڈم! 'ایٹا' پہ بات ہو چکی ہے، آپ اس سے آگے کوئی پوائنٹ دیں، تجویز دیں، وہ 'ایٹا' کی بات کا جواب دیں گے آپ کو۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: ایک دو Dates بتا رہی ہوں، 19 تاریخ کو جو ٹیسٹ لیا گیا، اس ٹیسٹ کا ریزلٹ ابھی تک اناؤنس نہیں ہوا، پھر جو ٹیسٹ ہوا ہے، اس کا ریزلٹ بھی، بچے مطمئن نہیں ہیں اور ابھی تک سٹرائیک پر ہیں اور اس میں عنایت صاحب نے جو بات کی ہے کہ پنجاب میں Negative marking نہیں ہے اور ہمارے صوبے میں ہے تو میں اس سلسلے میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ اس پہ پارلیمانی کمیٹی ضرور

بننی چاہیے اور ان بچوں کو اس تکلیف سے نجات ملنی چاہیے، اس پہ ضرور کمیٹی بنائیں اور لائبریری، ہمارے پشاور میں ایک آرکائیو لائبریری ہے جو صدیوں پرانی ہے، اس میں عوام کی کوئی دلچسپی میرے خیال میں نہیں ہے، اس کی طرف ضرور توجہ دیں تاکہ لوگوں کا انٹرسٹ اس میں ڈیویلپ ہو۔ شکریہ۔

<u>جناب سپیکر</u>: 'ایٹا' پہ بہت بات ہو رہی ہے، چیف منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں کہ آپ اس کے BoG کے جو چیئرمین ہیں، ان کو بلائیں اور یہ جو ہوا ہے 'ایٹا' میں آپ نے میرے خیال میں کمیٹی بھی بنائی ہوئی ہے اس کے اوپر، چونکہ ہم نے اس ادارے کو اتنا Strengthen کرنا تھا اور اس کیلئے پچھلے دور میں بہت کام ہوا تھا کہ ہم چاہتے تھے کہ این ٹی ایس رخصت ہو جائے اور اس کو 'ایٹا' سے ہم Replace کر لیں کہ یہ صوبے کے پیسے صوبے کے اندر رہیں، اپنی گورنمنٹ کو ملیں لیکن یہ جو سکینڈلز بن رہے ہیں اوپر نیچے، اس نے بہت زیادہ Embarrass کیا ہے گورنمنٹ کو، تو اس پر ذرا ضرور آپ نوٹس لیں۔ جی۔

<u>جناب عنایت اللہ</u>: سپیکر صاحب! میں نے پارلیمانی کمیٹی کا مطالبہ کیا ہے کہ یہ-----

<u>جناب سپیکر</u>: وہ جواب دیتے ہیں، منسٹر صاحب۔

<u>جناب عنایت اللہ</u>: یہ کوئی چھوٹا ایشو نہیں ہے، یہ بڑا Important issue ہے۔

<u>Mr. Speaker</u>: Let the answer may come through Minister, Mr. Ziaullah Bangash Sahib, respond please.

<u>جناب ضیاء اللہ خان (مشیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم)</u>: شکریہ جناب سپیکر، سب سے پہلے میں شکریہ ادا کروں گا، ہمارے جتنے اپوزیشن کے ممبرز ہیں، جنھوں نے ہائر ایجوکیشن کے حوالے سے اپنی کٹ موشنز جمع کی ہوئی تھیں اور ظاہری بات ہے کہ ان کے محکمے کے حوالے سے جو تحفظات تھے، وہ بھی اپنی تجاویز کے ساتھ آپ لوگوں نے پیش کئے۔ جناب سپیکر! میری کوشش ہو گی، چونکہ میرے ساتھ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن اور مجھے ہائر ایجوکیشن کا آج ہی کہا گیا ہے کہ جی آپ اس پہ بات کریں، Respond کریں، تو میری کوشش ہو گی کہ ان شاء اللہ حکومت کی جانب سے میری جتنی بھی کوشش ہو گی کہ ان شاء اللہ جتنی بھی کٹ موشنز آئی ہوئی ہیں اور اس میں جتنی بھی آپ لوگوں کی جانب سے تجاویز یا تحفظات ہیں، میری کوشش ہو گی کہ آپ لوگوں کو مطمئن کر سکوں اور جہاں پہ محکمے کے حوالے سے جو بات بھی ہو گی، وہ بھی آپ لوگوں کے ساتھ مل بیٹھ کے اس پہ جو آپ کی تجاویز ہیں، ان کو حل کرنے کی ہم کوشش کریں گے اور ان کو حل کی طرف ان شاء اللہ لے کر جائیں گے۔ چونکہ صوبہ ہم سب کا ہے اور اگر ڈیپارٹمنٹ میں کمی بیشیاں ہوں گی تو ہم نے مل کر آگے لے کر جانا ہے، تو میں پہلے سردار محمد یوسف صاحب کی جانب

آؤں گا،آپ نے اپنے مانسہرہ میں جو کالجز کے حوالے سے بات کی ہے اور یونیورسٹی کے حوالے سے بات کی ہے، ان شاء اللہ سر!آپ کی جو تجاویز ہیں، وہ میں نے نوٹ بھی کی ہیں اور صرف اس پہ Earth quake کے حوالے سے بات کروں گا، میں نے اپنی پہلی سپیچ میں بھی کہا تھا، ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے حوالے سے سکولوں کا جو مسئلہ تھا، جو Reconstruction تھی،اس میں سر!آپ کو یہ کہوں گا کہ جو صوبائی حکومت کی جانب سے جو اس دفعہ ہم کوشش کریں گے کہ جو کالجز یا سکول جو Earthquake میں متاثر ہوئے تھے، وہ ہماری ذمہ داری ہے، وہ کریں گے لیکن جو پچھلے دور میں جو 'ایرا' کی جانب سے جو کمٹمنٹ کی گئی تھی مرکزی حکومت کی جانب سے سر!اس میں Already سپیکر صاحب نے ایک میٹنگ بلائی ہوئی ہے، ان شاء اللہ بجٹ سیشن کے بعد جو مرکزی ڈیپارٹمنٹ ہے 'ایرا'، اس نے جو کمٹمنٹ پچھلے دور میں کی تھی، جو پوری نہ ہو سکی لیکن اس دفعہ ان شاء اللہ ہماری کوشش ہے کہ ہماری صوبائی حکومت اور مرکزی حکومت جو فنڈنگ کے ایشوز تھے مرکزی حکومت کے ساتھ، وہ ہم ان شاء اللہ ان سکولوں اور کالجز کیلئے اپنی کمٹمنٹ پوری کریں گے ان شاء اللہ اور اس میں آپ کو بھی ان شاء اللہ اپنے ساتھ لے کر جائیں گے، تو میری گزارش ہو گی کہ ان شاء اللہ آپ کی جو تجاویز ہیں، وہ ہم نے اپنے پاس نوٹ کی ہوئی ہیں اور اس پہ ہم کام بھی کریں گے۔ میری گزارش ہو گی کہ اگر آپ اپنی کٹ موشنز واپس لے لیں تو مہربانی ہو گی، بلکہ اگر تمام واپس لے لیں تو مہربانی ہو گی۔ جناب سپیکر! میں ایک ایک کو ریکویسٹ کروں یا پہلے کر کے اس کے بعد۔

<u>جناب سپیکر</u>: دیکھیں، میرے خیال میں آپ نے جو تجاویز دی ہیں، انہوں نے ساری نوٹ کر لی ہیں اور یہ اب ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ بیٹھ کے ان ساری چیزوں کو شیئر کر کے Because he is not the concerned Minister اور جب تک سیکرٹری صاحب کو نہیں بٹھاتے اور ہم بھی اس میں Involve ہو جائیں گے، آپ کو بھی بلا لیں گے، یہ جو ایشوز ہیں، جہاں پہ کالج کی ضرورت ہے، جہاں پہ سٹاف کی ضرورت ہے، وہ پوائنٹس سارے انہوں نے اپنے ساتھ نوٹ کر لئے ہیں۔ 'ایٹا' کی بات ہوئی ہے، وہ میں نے بھی ریکویسٹ کر دی چیف منسٹر صاحب کو کہ اس پر۔۔۔۔۔

<u>مشیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم</u>: 'ایٹا' کے حوالے سے میں ذرا بریف کر دوں، 'ایٹا' کے حوالے سے میں آپ کو بریف کر دوں گا، میں نے کافی اس پر کام، چیف منسٹر صاحب نے ہدایت کی تھی، اس پر ہم نے کافی کام کیا، تو میں چاہتا ہوں کہ بریف تو کر دوں۔ اس میں ایک تو سر! ہائی کورٹ نے ایک انکوائری

کنڈکٹ کی ہوئی ہے،KMU کو کہا ہوا ہے کہ وہ تین ہفتوں میں اس پر مکمل کام کر کے، کیونکہ جو Parents تھے، وہ ہائی کورٹ گئے ہوئے تھے اور ہائی کورٹ نے KMU کو انسٹرکشن دی ہوئی ہے کہ وہ تین ہفتے میں اس سارے پراسیس کو، اور کچھ نئے پروفیسرز تھے KMU کے ان کی ذمہ داری لگائی گئی ہے کہ ان تین ہفتوں میں سارے پراسیس کو دیکھ کر ہائی کورٹ کو ریسپانڈ کریں تو اس وقت تک ہم اس لئے بھی، باقی سی ایم صاحب نے Already ایک انکوائری اس میں رکھی ہوئی ہے، جو ہمارا آئی بی ڈیپارٹمنٹ ہے، آئی بی کے ذریعے اس کی انکوائری کی جارہی ہے اور اس میں یہ بھی آپ کو بتاتے چلیں کہ اس میں جو انکوائری ہوئی ہے، اس میں دو کلاس فور Already پولیس نے ان کو پکڑ لیا ہے، اس میں جو سارا پراسیس ہوا تھا، اس میں دو کلاس فور نے وہ سارے پیپرز کا جو مسئلہ بنا ہوا تھا، اب ان کو Already پکڑ لیا گیا ہے اور باقی ہائی کورٹ کے Decision کے بعد مزید جو انکوائری ہو رہی ہے تو اس کے بعد ان شاء اللہ اس پہ مزید رسپانڈ کریں گے لیکن اس کیلئے Wait ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: دو کلاس فور تو ایک کیس میں پکڑے گئے تھے، اس کے بعد جب دوبارہ ٹیسٹ ہوا وہ بھی Leak ہو گیا۔

<u>مشیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم</u>: نہیں سر! اس میں یہ ہوا تھا کہ Parents کی کمیٹی بنائی گئی تھی اور اس کے ساتھ پروفیسرز کی کمیٹی بنائی گئی تھی، انہوں نے اس پورے پراسیس کو دیکھا، اس میں دو جو کوئسچنز تھے، اس پر اعتراضات تھے اور اس میں ابھی اسی Basis پہ ہائیکورٹ نے مزید Independent Professors کی ڈیوٹی لگائی ہوئی ہے کہ وہ اس پراسیس کو دوبارہ دیکھیں اور اس میں ایک اور Update میں یہ کردوں کہ KMU کو یہ ذمہ داری دی گئی ہے کہ آئندہ جتنے بھی میڈیکل کالجز کے جو ٹیسٹ ہوں گے، وہ KMU ڈائریکٹ دیکھے گا اور جتنے سٹوڈنٹس ہیں، ان کے داخلے شروع ہو چکے ہیں، داخلے ہو رہے ہیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: دوسرا یہ جو تجاویز انہوں نے دی ہیں، جو ان کی مشکلات تھیں، ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ بات کر کے ون بائی ون ان سب کے ساتھ آپ بیٹھیں گے اور ان کو Satisfy کر لیں گے، جو ان کے ایشوز تھے، Related to the higher education۔

<u>مشیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم</u>: سر! میں نے وہ سارے نوٹ کئے ہیں، ان شاء اللہ میں ڈیپارٹمنٹ کو بھی اپنے ساتھ لیکر اور ان کو ساتھ بٹھا کر ان شاء اللہ یہ سارے ڈسکس کروں گا۔

Mr. Khushdil Khan Advocate: Kindly allow me just for one minute.
Mr. Speaker: Khushdil Khan, Ji ji.

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: ایڈوائزر صاحب نے خود یہ ایڈمٹ کیا کہ مجھے یہ صحیح حوالہ کیا گیا It means, he is not in position to respond us properly regarding our question.، اگر میں ان سے پوچھوں کہ آپ نے میری تجاویز لکھیں یا نہیں، مجھے ان میں سے ایک تجویز تو بتائیں جو آپ کو میں نے؟ پندرہ بیس منٹ تقریر کی ہے، ابھی تک کوئی اس کا منسٹر نہیں ہے تو یہ کس طرح ڈیپارٹمنٹ چلیں گے؟ اتنا ہیوی ڈیپارٹمنٹ ہے، اتنا Important department ہے، ابھی تک اس کا Independent وزیر نہیں ہے تو پھر چاہیئے کہ وزیراعلیٰ صاحب موجود ہیں وہ ہمیں جواب دیدیں کیونکہ ایسا تو نہیں ہوتا، ایسی حکومتیں تو نہیں چلتیں۔ (تالیاں)

جناب سپیکر: مجھے بتایا جائے کہ ہائر ایجوکیشن سے کون آیا ہوا ہے یہاں پر؟

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: یہ اتنا Important ہے اور اس کا منسٹر نہیں ہے تو ہم تو اس سے مطمئن نہیں ہیں۔ جو میں نے کوئسچنز کئے، تین کوئسچنز میں نے Raise کئے ہیں، 'ایٹا' کے بارے میں تو انہوں نے بتایا ہے وہ تو مجھے بھی پتہ ہے۔ اس میں تو میں بھی اس کیس میں وکیل ہوں، وہ مجھے بھی پتہ ہے لیکن عام، صرف ہم یہ سب کچھ ججوں پر چھوڑیں گے، عدالتوں پر چھوڑیں گے تو پھر ہمارا کیا کام ہے، ہم خود ان کی Accountability نہیں کر سکتے ہیں، ہم خود ایڈمنسٹریشن کو ٹھیک نہیں کر سکتے، ہم اپوائنٹمنٹ کرتے ہیں تو ہم ان کے خلاف ایکشن بھی لے سکتے ہیں، تو ہم اس سے مطمئن نہیں ہیں۔

جناب سپیکر: چیف منسٹر صاحب سے میں ایک درخواست کرتا ہوں کہ آپ ایک آرڈر نکالیں، ہم اپنے رولز آف بزنس میں بھی امنڈمنٹ لانے والے ہیں، کوئی بھی ڈیپارٹمنٹ ہو، اس کے ایڈیشنل سیکرٹری سے کم لیول کا بندہ یہاں پہ نہ آیا کرے۔ (تالیاں) اب جیسے منسٹر صاحب پہ کوئسچنز ہوئے ہیں تو ایڈیشنل سیکرٹری تک کے لیول کو یہ ساری معلومات ہوتی ہیں تو وہ پھر چٹ بھیج کے بھی ان کو بتا سکتے ہیں کہ اس کا فلاں Answer ہے یا فلاں Answer ہے لیکن یہ مشکلات تب آرہی ہیں کہ کوئی سیکشن آفیسر کو بھیج دیتا ہے، کوئی کسی ڈائریکٹر کو بھیج دیتا ہے، ان کو پتہ نہیں ہوتا اس ڈیپارٹمنٹ کے بارے میں، Unless یا سیکرٹری خود آئے یا سپیشل سیکرٹری آئے یا ایڈیشنل سیکرٹری اور ایڈیشنل سیکرٹری سے کم کا کوئی بندہ یہاں پہ نہ آئے، ہم نے لیٹر اسمبلی کی طرف سے بھی کر دیا ہے۔

جناب عنایت اللہ: سپیکر صاحب! میری تجویز یہ ہے کہ روٹین میں ایڈیشنل سیکرٹری کے لیول کا بندہ آ جائے۔

جناب سپیکر: میں یہی کہہ رہاہوں۔

جناب عنایت اللہ: نہیں، لیکن جس روز جس منسٹر کا بزنس ہو تو اس کا انچارج سیکرٹری یہاں آئے، مثلاً جس منسٹر کا (تالیاں) جس منسٹر کا کوئسچنز آور ہو تو اس روز اس ڈیپارٹمنٹ کا انچارج سیکرٹری خود آ جائے۔۔۔۔۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: خان بہادر صاحب۔

جناب احمد خان بہادر: جناب سپیکر! چې کوم کوئسچن ما کړے دے، چې کومه مطالبه زه کوم، په کومه کښې چې کمیټی ما جوړه کړې ده، په هغې کښې دا دوئ د ایم این اے سره په اسلام آباد کښې څه خبره کړې ده، زه تاسو ته اوروم، تاسو ئے واؤرئ "جندول کالج کے اساتذہ اور طلباء اور طالبات کیلئے خوشخبری، جندول ماڈل سکول کیلئے دو بسیں، ڈگری کالج ثمر باغ کیلئے اور دو بسیں ڈگری کالج جندول، ثمر باغ برائے خواتین کے حوالے کر دی جائیں گی، ضیاء اللہ بنگش کے ساتھ ایم این اے بشیر خان کی ملاقات جندول ماڈل سکول کی بلڈنگ میں ٹیکنیکل سکول یا کالج بنایا جائے گا" زه دا وایم چې تا فیصله اوکړه، دا فیصله ته څنګه کوې، دا په څه بند شوې ده؟ پکار ده چې په دیکښې انکوائری اوشی، ٹھیک ٹھاک اوس د دې هاؤس نه د انکوائری یو کمیټی مقرر کړئ، ما د دې سره کړې ده او دوئ کمیټئ ته پرون په غلا لیږلې دے او هلته کښې به ئے څه ورله راوړی وی، ورسره ورسره بسونه ئے راروانول چې مونږ بسونه مردان ته بیایو، د دې سټاف چې دے، دا ډسټرب شوے دے، په هائی کورټ کښې ئے کیس ګټلے دے، د مال د ایډجسټمنټ د پاره ئے دغه رالیږلی دی، پکار ده چې اول د سټاف ایډجسټمنټ اوکړی او په دیکښې انکوائری اوکړی او د باچا خان په نوم باندې سکول دے، دا به بالکل کهلاؤ کړی او چې کهلاؤ ئے نکړی نو زه به په دې باندې استحقاق ورکوم۔

جناب سپیکر: آپ کو جواب دیتے ہیں ناں، ضیاء اللہ بنگش۔ چیف منسٹر صاحب۔

جناب محمود خان (وزیراعلیٰ): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔ سب سے پہلے تو میں اپنے معزز اراکین، اپوزیشن کے میرے بھائی، اپوزیشن لیڈر، ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے پازیٹیو تنقید جو انہوں نے کی ہے، ان شاء اللہ ہم ان سے سیکھیں گے، ان سے رہنمائی حاصل کریں گے۔ جہاں تک ہائر ایجوکیشن کا تعلق ہے، میں نے اپنے ساتھ آپ کے سب پوائنٹس نوٹ کر لئے ہیں، شاید ضیاء اللہ بنگش کے پاس نہ ہوں لیکن میں نے اپنے ساتھ لکھ لئے ہیں لیکن بد قسمتی سے پھر ایم پی ایز آ جاتے ہیں تو میری وہ Concentration تھوڑی سی بدل جاتی ہے، تو اکرم خان درانی کالج کے حوالے سے، اپوزیشن لیڈر صاحب نے بتایا، انہوں نے بڑی اچھی Suggestions دیں کہ یونیورسٹیز کے وائس چانسلر کے ساتھ میٹنگ کی جائے، ان کی مشکلات کا ازالہ کیا جائے، چلیں یہ سب پوائنٹس میرے پاس ہیں۔ اس کے بعد عنایت اللہ خان صاحب نے 'ایٹا' اور سکیمز کے حوالے سے اپنی وہ بات کی، وہ بھی میں نے اپنے پاس نوٹ کی ہوئی ہے، 'ایٹا' کے حوالے سے یہ ہے کہ جب ہماری حکومت بنی تو اس وقت ایک ٹیسٹ انہوں نے Arrange کیا تھا، اس پہ کافی نیگیٹیو چیزیں آ گئیں تو میں نے اس ٹیسٹ کو کینسل کروایا اور اس پر ایف آئی اے کے تھرو، آئی بی کے تھرو ایک انکوائری مقرر کی اور اس میں لوگ پکڑے بھی گئے، ابھی دوبارہ جب ٹیسٹ ہوا تو اس میں بھی کافی وہ چیزیں نکل کر آ رہی ہیں۔ جس طرح عنایت اللہ خان صاحب نے اس کی نشاندہی کی اور خوشدل خان صاحب نے بھی اس پہ بات کی، میں سمجھتا ہوں اس کے Restructure کی ضرورت ہے اور بالکل میرے خیال میں اس کی سرجری ہونی چاہیے 'ایٹا' کی اور جس طرح سپیکر صاحب نے اپنے ریمارکس میں ہمیں بتایا (تالیاں) کہ چونکہ 'ایٹا' صوبے کا واحد ٹیسٹنگ ادارہ ہے، ہم چاہتے ہیں کہ باقی ڈیپارٹمنٹس کو یہ بھی دیکھ لیں، پبلک سروس کمیشن کے بعد جو باہر سے لوگ آتے ہیں این ٹی ایس یا پی ٹی ایس یا جو بھی ادارے ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ 'ایٹا' کو ہم مضبوط کریں اور ریونیو جو ہے، وہ صوبے کو ملے، تو ان شاء اللہ یہ میرا آپ سے وعدہ ہے، بے فکر رہیں آپ، (تالیاں) باقی منور خان صاحب نے گرانٹس کے بارے میں بات کی، کالج کے بارے میں بات کی اور جو انہوں نے علیحدہ صوبے کے بارے میں بات کی تو میرے خیال میں یہ اگر درانی صاحب کے دور

میں کرتے تو میرے خیال میں بہت بہتر ہوتا کیونکہ درانی (قہقہے اور تالیاں) کیونکہ درانی صاحب اس وقت، میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے بات کی نوشہرہ کے حوالے سے، مردان کے حوالے سے کہ بہت سے چیف منسٹرز آئے ہیں اور انہوں نوشہرہ اور مردان کو سپورٹ کیا ہے، انہوں نے درانی صاحب کا نام نہیں لیا، پتہ نہیں منور خان صاحب ان سے ڈرتے ہیں، I don't know کہ کیا ہے؟ (قہقہے) لیکن بہر حال وہ بھول گئے، میری کوشش ہو گی کہ میں سب کو ساتھ لیکر چلوں ان شاء اللہ، اس دفعہ تو مشکل ہے کیونکہ کافی ٹف حالات ہیں، فنانشل کرائسز ہیں پورے ملک میں، لیکن ان شاء اللہ جو بھی ہمارا اگلا بجٹ ہو گا، اس میں ہم ہر ضلع کیلئے علیحدہ میگا پراجیکٹ ڈالیں گے تاکہ یہ کوئی نہ کہہ سکے کہ محمود خان سوات سے آیا ہے یا ملاکنڈ سے آیا ہے اور انہوں نے صرف سوات اور ملاکنڈ کو ترجیح دی، ان شاء اللہ اس طرح نہیں ہو گا، انصاف کی حکومت ہے، ہم انصاف کریں گے آپ لوگوں کے ساتھ، (تالیاں) یہ فیصل زیب صاحب نے اپنے شانگلہ کے بارے میں بتایا کہ کالج نہیں ہے لڑکیوں کا، گرلز کا، میں نے وہ بھی اپنے ساتھ نوٹ کیا ہوا ہے، شگفتہ بی بی نے لاٹھی چارج اور صوابی یونیورسٹی یا اس کے حوالے سے انہوں نے بات کی، پھر ہمارے دیر کے محترم ایم پی اے صاحب نے باچا خان کالج کے حوالے سے بات کی اور سٹاف کے حوالے سے بات کی، بابک صاحب نے بات کی، میں بابک صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ملاکنڈ کو سپورٹ کیا لیکن بہر حال یہ جتنی بھی آپ کی ڈیمانڈز ہیں، ثوبیہ بی بی نے دیر کے حوالے سے بات کی، یہ سب میرے پاس Noted ہیں، ان شاء اللہ ہم کوشش کریں گے کہ ہم کسی نہ کسی طریقے سے آپ کو، لوگوں کو، اپنے عوام کو Accommodate کریں، آپ عوامی نمائندے ہیں، ان شاء اللہ ہم آپ کے ساتھ ہوں گے، ہماری حکومت سے جو بھی ہو سکتا ہے ان شاء اللہ ہم اس کو ایڈریس کریں گے، باقی آپ نے سیکرٹریز کے حوالے سے بات کی، میں بھی یہاں سے چیف سیکرٹری صاحب کو کہتا ہوں کہ جب چیف منسٹر ایوان میں ہو تو سیکرٹری لیول کا بندہ ہو نہ کہ ایڈیشنل سیکرٹری، نہ کہ سپیشل سیکرٹری، کوئی نہ ہو، (تالیاں) آپ کی رولنگ آ گئی ہے اور نارمل میں ایڈیشنل سیکرٹری لیول کا کوئی بندہ ادھر نہیں آئے گا، سارے ایڈیشنل سیکرٹریز حضرات ادھر ہوں گے، اگر کوئی نوکری کر سکتا ہے تو

کرلے، ہمارے ساتھ چل سکتا ہے تو کرلے، نہیں تو بس اپنے گھروں کو چلے جائیں، ہمیں ان کی ضرورت نہیں ہے (تالیاں) اور آخر میں اپنے سب بھائیوں سے گزارش کروں گا کہ وہ اپنی کٹ موشنز واپس لے لیں۔ تھینک یو جی، تھینک یو۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: واپس ہو گئیں جی سب کی کٹ موشنز؟ او کے جی، سردار یوسف صاحب، سردار یوسف صاحب کا مائیک آن کریں۔

سردار محمد یوسف زمان: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، مجھے بڑی خوشی ہوئی کہ آنریبل چیف منسٹر نے بذات خود ان اہم ایشوز کے حوالے سے تفصیلاً بات کی ہے لیکن ساتھ ہی مجھے اس بات کا احساس بھی ہوا ہے کہ ہزارہ کا کسی کا نام ہی نہیں لیا اور یہ ڈیمانڈ ہم نے بھی کی، میں واحد، خاص طور پر میرا حلقہ پی کے۔34 ہے، وہاں پر نہ بوائز کالج ہے، نہ گرلز کالج ہے پی کے۔34 تحصیل بفہ میں اور مجھے بڑی خوشی ہوتی کہ جس طرح کہ ہم نے بھی یہ تجویز پیش کی تھی، اگر اس کی ایشورنس آتی، اگر اس میں کوئی شامل کر لیتے تو میں بڑا ممنون رہوں گا اور اس کے ساتھ جو ڈیمانڈ فار گرانٹ 46 ہے، حالانکہ ایلیمنٹری اور سیکنڈری ایجوکیشن کی وہ بھی اکٹھی تھی، اگر آپ اس کو ساتھ لے لیتے تو جو منسٹر صاحب، ایڈوائزر، اس کے حوالے سے بھی، یعنی اس کا ٹائم بھی بچ جاتا لیکن چونکہ میرا خیال ہے کہ وہ پہلے نہیں لی، اسی کے ساتھ لے لیتے تو ٹائم بھی بچ جاتا جی۔

جناب سپیکر: اکرم خان درانی صاحب۔

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر صاحب! وزیر اعلیٰ صاحب نے بڑی اچھی باتیں کیں اور اس طرح کی باتیں ہونی بھی چاہئیں، چونکہ جب سی ایم صاحب موجود ہوں تو سیکرٹری سے کم لیول کا بندہ

(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: اشتیاق صاحب! پلیز آپ بار بار ڈسٹرب نہ کریں۔

قائد حزب اختلاف: اور ہم Appreciate کرتے ہیں، سی ایم صاحب نے جو بات کی اور ساتھ میں صرف ایک بات کرنا چاہتا ہوں کہ جو بہادر خان صاحب نے بات کی کہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ہاں، فضل الٰہی صاحب۔

قائد حزب اختلاف: باچاخان صاحب کے نام پہ سکول تھا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نگہت ٹھیک ہوئی ہے یا اب ان کو بھی ٹھیک کرنا ہوگا۔

قائد حزب اختلاف: اور باچاخان صاحب ایک نام ہے جو کہ نہ صرف اس ملک بلکہ پوری دنیا میں ایک جانا پہچانا نام ہے، اس سے نظریہ کا اختلاف ہو سکتا ہے لیکن ان کی خدمات سے کوئی بھی انکار نہیں کر سکتا۔ میں سی ایم صاحب سے ریکویسٹ کروں گا کہ وہ باچاخان صاحب میرے بھی ہیں، آپ کے بھی ہیں، اس پورے ملک کے ہیں، اس صوبے کے ہیں، ان کا جو نام ہے، وہ ہم زندہ رکھنا چاہتے ہیں، جب تک یہ دنیا ہے اور ان کے نام پہ جو سکول ہے، اگر اس میں کوئی کمی بیشی ہو وہ پوری کی جائے، اگر اس کی سپیشل کوئی کمیٹی بنانی ہو، کمیٹی بنالیں لیکن وہ ہم سی ایم صاحب کے سپرد کرتے ہیں کہ آپ خود اس پہ ذرا بلا لیں، اس کا دوبارہ آغاز کر لیں چونکہ اس نام کو ہم مٹانا نہیں چاہتے ہیں، ہمارے بزرگ ہیں، باقی میں اپوزیشن کی طرف سے ساری کٹ موشنز چونکہ سی ایم صاحب نے بڑے اچھے انداز میں بات کی ہے اور مجھے امید ہے کہ اس بات پر عمل بھی ہوگا تو میں اپنی ساری کٹ موشنز اپنے دوستوں کو کہتا ہوں کہ اب ساری ہم واپس کرتے ہیں اور مزید یہ بھی کوشش کریں گے کہ وقت ہم کم لے لیں اور باقی کٹ موشنز پہ بات ہو۔

Mr. Speaker: Thank you, Durrani Sahib. Since all the honorable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 12, therefore, the question before the House is that the Demand No. 12 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Demand is granted. The sitting is adjourned till…..

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر! ابھی تو جی اس پہ بات کرنے کیلئے ٹائم۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس کے بعد دے دیتا ہوں نا، وقفے کے بعد، ٹی بریک کر لیتے ہیں اور ٹی بریک کے بعد یہ آدھے گھنٹے کی ٹی بریک ہے، اس میں چیف منسٹر صاحب اپنے چیمبر میں جائیں گے اور اپوزیشن ممبرز اور باقی ممبرز سی ایم صاحب سے ملاقات کر سکتے ہیں ان کے چیمبر میں۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی تیس منٹ تک کیلئے ملتوی ہوگئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر: معزز اراکین اسمبلی! جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ آج کا ایجنڈا بہت زیادہ ہے، لہذا میں قاعدہ 148 کے ذیلی قاعدہ 4 کے تحت اختیارات کو بروئے لاتے ہوئے سالانہ بجٹ برائے مالی سال 19-2018ء کے تمام مطالبات زر کو بغیر بحث کے حسب قاعدہ ایوان کی رائے کیلئے بغرض منظوری پیش کرتا ہوں۔

The honorable Minister for Communication and Works, to please move his Demand No.14.

جناب اکبر ایوب خان (وزیر مواصلات و تعمیرات): شکریہ جناب سپیکر۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو کہ مبلغ تین ارب، پانچ کروڑ، 89 لاکھ، 35 ہزار سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2019ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران محکمہ مواصلات و تعمیرات کے سلسلے میں برداشت کرنا ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding Rs. 3 billion 5 crore, 89 lac 35 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June 2019 in respect of Communication and works, Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Demand is granted. Demand No. 15, the honorable Minister for Communication and Works, to please move his Demand No. 15.

جناب اکبر ایوب خان (وزیر مواصلات و تعمیرات): میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو کہ مبلغ تین ارب 98 کروڑ 37 لاکھ سات ہزار سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2019ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران محکمہ کو سڑکوں، شاہراؤں، پلوں اور عمارات کی مرمت کے سلسلے میں برداشت کرنا ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding Rs. 3 billion 98 crore, 37 lac 7 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June 2019 in respect of Communication and works, Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Demand is granted. Demand No. 16.

جناب سلطان محمد خان(وزیر قانون): مسٹر سپیکر!

جناب سپیکر: جی جناب۔

وزیر قانون: جناب سپیکر! بہت شکریہ کہ آپ نے ٹائم مجھے دیا ہے۔ بہت اہم ایشو ہے جناب سپیکر! یہ جو صوبائی اسمبلی ہے ہماری، تو یہ اس صوبے کا سب سے زیادہ آگسٹ ہاؤس ہے، اس صوبے کا ایک جرگہ ہے، سب سے بڑا جرگہ اور یہاں پر موجود جتنے بھی ممبران صاحبان ہیں جو عوام کے ووٹ سے یہاں پہنچے ہیں، یہاں پر صوبائی اسمبلی میں وہ بیٹھے ہیں تو خواہ وہ Ayes کی طرف بیٹھے ہیں حکومتی بینچز پہ، یا خواہ Ayes کے اس طرف اپوزیشن کی بینچز پہ بیٹھے ہیں تو وہ سارے جو ہیں، جب یہ ہاؤس میں بیٹھتے ہیں تو ان کی حیثیت اور اہمیت ایک جیسی ہو جاتی ہے۔ جناب سپیکر! میں مشکور ہوں اپوزیشن لیڈر اور جتنے بھی اپوزیشن پارٹیز کے پارلیمنٹری لیڈرز ہیں اور بشمول جتنے بھی اپوزیشن ممبرز جو یہاں پر بیٹھے ہیں، ان سب کا Individually میں مشکور ہوں، گورنمنٹ کی طرف سے کہ میرے خیال میں جس طرح ہمارے صوبے کی روایات ہیں، جو ڈیکورم ہوتا ہے، جو عزت ہم ایک دوسرے کو دیتے ہیں، جو ہمارے صوبے کی اس اسمبلی کی منفرد روایات ہیں تو میرے خیال میں جب سے آپ کی صدارت میں یہ اسمبلی شروع ہوئی ہے تو میں Appreciate کرنا چاہوں گا آپ کو بھی، بہت اچھے طریقے سے اسمبلی چل رہی ہے اور اپوزیشن کو بھی Appreciate کریں گے کہ وہ اسمبلی کو عزت کے ساتھ اور ڈیکورم کے ساتھ آگے اکٹھے اپوزیشن اور گورنمنٹ اس کو چلا رہے ہیں۔ جناب سپیکر، جس طرح آپ نے Rule 148 quote کیا ہے اور ابھی ہم Demands for grant پاس کر رہے ہیں تو یہ بھی جمہوریت کا حسن ہے کہ اپوزیشن ممبرز جتنے بھی بیٹھے ہیں، ان کے صلاح مشورے سے یہ Rule 148 جو ہے یہ آپ نے نافذ کر لیا ہے۔ یہاں پر بات کو ختم کرتے ہوئے میں گورنمنٹ کی سائڈ سے یہ کمٹمنٹ دیتا ہوں کہ جتنے بھی ہمارے معزز ممبران صاحبان ہیں اپوزیشن کے، تو وہ ہمارے لئے اتنے ہی قابل احترام ہیں جتنا کہ گورنمنٹ کی سائڈ پر جتنے ممبران بیٹھے ہیں، (تالیاں) دوسرا سر! چونکہ اس اسمبلی میں موجود ہر ایک ممبر کو عوام نے ووٹ دیکر اس اسمبلی میں بھیجا ہے تو اس کا جو تقدس ہے ووٹ کا، اس کا احترام ہم سب پہ لازم ہے، ہم کوئی احسان نہیں کر رہے ہیں کہ ہم اس کو مان رہے ہیں، یہ ہمارے اوپر لازم ہے کہ ہم ہر ایک ممبر کی جو عزت ہے، جو ان کا وقار ہے، چونکہ عوام کے ووٹ سے وہ یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں، جناب سپیکر! لاسٹ

اسمبلی میں یہاں پر جو Former Chief Minister تھے، انہوں نے ایک بات کہی تھی اور میرے خیال میں یہاں پر جو سینیئر منسٹرز بیٹھے ہیں اور ہمارے کیبینٹ ممبرز ہیں، سی ایم صاحب سے ملاقات ہوئی ہے اپوزیشن لیڈرز کی تو یہاں پر جتنے بھی ایم پی ایز بیٹھے ہیں، اگر میں یہ کہوں تو غلط نہیں ہوگا کہ ان پانچ سالوں میں جتنے بھی ممبرز ہیں، اپوزیشن ہو یا گورنمنٹ، تو اپنے اپنے حلقوں کیلئے جس طرح Former Leader of the House نے کہا تھا تو میرے خیال میں جناب سپیکر! غلط نہیں ہوگا اگر میں کہوں کہ اپنے اپنے حلقوں میں ہر ایک ممبر جو ہے، وہ چیف منسٹر کی حیثیت رکھتا ہے، اپنے حلقے کی حد تک، (تالیاں) جناب سپیکر! ہم Commit کرتے ہیں کہ ہم مینڈیٹ کا احترام کریں گے، ہم Commit کرتے ہیں کہ ممبرز کی عزت اور وقار کو دیکھیں گے اور جناب سپیکر! ہم Commit کرتے ہیں کہ جس ممبر کے حلقے میں جو بھی کام ہوگا، جو بھی پالیسی آئے گی، جو کچھ بھی ہوگا تو سب سے پہلے جو اہمیت ہے وہ جناب سپیکر! وہ اس ممبر کو جس حلقے سے وہ تعلق رکھتا ہے، اس کو دی جائے گی، یہ کمٹمنٹ ہے جناب۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> جی اکرم درانی صاحب۔

<u>جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف):</u> جناب سپیکر صاحب! جس طریقے سے آپ خوبصورت Role ادا کر رہے ہیں اور گورنمنٹ اور اپوزیشن کا، آپ کی پہلے سے ہی کوشش ہے کہ اس کو ہم جوڑ کے رکھیں اور کل عاطف خان، شہرام خان، فنانس منسٹر، سلطان خان، اکبر ایوب صاحب، یہ سارے ہمارے جو سینیئر لوگ ہیں وہ آئے تھے اور بڑی خوش اسلوبی سے ہماری آپس میں ڈسکشن ہوئی اور اپوزیشن کے جو تحفظات تھے، آج سی ایم صاحب کے ساتھ بیٹھ کر انہوں نے بڑی فراخدلی کے ساتھ، خوش اسلوبی کے ساتھ اور بڑے اچھے انداز میں وہ ہمارے ساتھ کمٹمنٹ کی، اس کیلئے آپ کا بھی، سی ایم صاحب کا بھی اور ان معزز منسٹرز صاحبان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں اور توقع رکھتا ہوں کہ اپوزیشن کے ساتھ جو کمٹمنٹ ہے، چونکہ ہمارے صوبے کا کلچر ہے کہ جو زبان سے بات ہوتی ہے وہ فائنل ہوتی ہے، ہم ان پہ اپنے آپ سے زیادہ اعتماد کر رہے ہیں، تو ان شاء اللہ اسی طرح ہوگا اس ہاؤس کو ہم چلائیں گے اور جتنی بھی کٹ موشنز ہیں، ابھی میں اپوزیشن کی طرف سے ان کو واپس لینے کا اعلان بھی کرتا ہوں اور ان شاء اللہ ساری کٹ موشنز ہم واپس لیتے ہیں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: بہت شکریہ، لیڈر آف اپوزیشن اکرم خان درانی صاحب۔

Demand No. 16, the honorable Minister for Communication and Works, on behalf of honorable Chief Minister, to please move his demand No: 16.

جناب اکبر ایوب خان (وزیر مواصلات و تعمیرات): شکریہ جناب سپیکر۔ On behalf of the Chief Minister میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو کہ مبلغ پانچ ارب 74 کروڑ 26 لاکھ 86 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2019ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے سلسلے میں برداشت کرنا ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding Rs. 5 billion 74 crore 26 lac 86 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June 2019 in respect of Public Health Engineering, Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Demand is granted. The honorable Minister for Local Government, to please move his Demand No: 17.

جناب شہرام خان (وزیر بلدیات، انتخابات و دیہی ترقی): شکریہ جناب سپیکر، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو کہ مبلغ تین ارب 66 کروڑ 69 لاکھ 56 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2019ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران بلدیات اور انتخاب و دیہی ترقی کے سلسلے میں برداشت کرنا ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding Rs. 3 billion 66 crore 69 lac 56 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June 2019 in respect of Local Governmnemt, Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Demand is granted. The honorable Minister for Agriculture, to please move his Demand No: 18.

جناب محب اللہ خان (وزیر زراعت): شکریہ جناب سپیکر، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو کہ مبلغ 320 روپے سے متجاوز نہ ہو (شور) Sorry، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو کہ مبلغ 60 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا۔

(شور)

جناب سپیکر: دو ارب 87 کروڑ 48 لاکھ 23 ہزار۔

وزیر زراعت: میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ دو ارب 87 کروڑ 48 لاکھ 23 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2019ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران زراعت کے سلسلے میں برداشت کرنا ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding Rs. 2 billion 87 crore, 48 lac 23 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June 2019 in respect of Agriculture, Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Demand is granted. The honorable Minister for Agriculture to please move his Demand No: 19.

